# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Tuesday, 12th May, 2026
(361st Session)
Volume V, No.04
(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*
Volume V SP.V(04)/2026
No.04 03

## Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Recitation of Naat ........ 1
3. Welcoming remarks by the Honourable Chairman for esteemed Royal Family and delegation of Belgium for gracing Senate of Pakistan on a special invitation ........ 2
4. (Questions and Answers) ........ 5
5. Leave of Absence ........ 37
6. Motion Under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs on the subject matter of Starred Question No. 24 asked by Senator Danesh Kumar, on 19th December, 2024. ........ 38
7. Presentation of report of the Standing Committee on Inter-Provincial Coordination on [The Travel Agencies (Amendment) Bill, 2026] ........ 38
8. Presentation of report of the Standing Committee on Inter-Provincial Coordination on [The Pakistan Tourist Guides (Amendment) Bill, 2026] ........ 39
9. Presentation of report of the Standing Committee on Inter-Provincial Coordination on [The Pakistan Hotels and Restaurants (Amendment) Bill, 2026] ........ 39
10. Presentation of report of the Standing Committee on Parliamentary Affairs on [The Elections (Amendment) Bill, 2026] ........ 40
11. Presentation of report of the Standing Committee on Information and Broadcasting on [The Motion Pictures (Amendment) Bill, 2024] ........ 40
12. Presentation of report of the Standing Committee on National Food Security and Research regarding the Annual Report of the Committee for the year 2025-2026 ........ 40
13. Presentation of report of the Standing Committee on Parliamentary Affairs on the Public Sector Development Program (PSDP), proposed by the Ministry of Parliamentary Affairs for the Financial Year 2026-27 ........ 41
14. Laying of Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) (Repeal) Ordinance, 2026 (Ordinance No. III of 2026) ........ 41
15. Introduction of [The National Fund for Culture Heritage (Amendment) Bill, 2026] ........ 42
16. Consideration and Passage of [The Carriage by Air (Amendment) Bill, 2026] ........ 44
17. Point of public importance raised by Senator Atta Ur Rehman regarding the recent terrorists attacks in Khyber Pakhtunkhwa ........ 46
    - Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Federal Minister for Parliamentary Affairs ........ 50
18. FATEHA ........ 51
19. Withdrawal of [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2025] ........ 52
20. Calling Attention Notice raised by Senator Dost Muhammad Khan regarding non-disbursement of rehabilitation/compensation fund for the displaced residents of South Waziristan during security operations in 2008-09 ........ 53
    - Senator Muhammad Tallal Badar (M/o State for Interior and Narcotics Control) ........ 54
21. Calling attention notice raised by Senator Abid Sher Ali regarding the massive cracks on different of parts Pindi Bhattian–Faisalabad Motorway section which needs immediate repair and maintenance. . 56
    - Senator Abid Sher Ali ........ 56
    - Dr. Tariq Fazal Chaudhary ........ 57
    - Senator Khalil Tahir ........ 59
22. Point raised by Senator Muhammad Azam Khan Swati regarding the prevailing political environment in the country ........ 59
    - Senator Rana Sana Ullah Khan, Adviser on Political Affairs ........ 61
    - Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition) ........ 67
23. Point of public importance raised by Senator Hidayatullah Khan regarding prolonged load shedding in District Dir, KP ........ 69

**24.** Point of public importance raised by Senator Kamran Murtaza regarding recent incidents of terrorism in KP and Balochistan ........................................................................................................................ 70
**25.** Point raised by Senator Faisal Javed regarding the prevailing political and economic situation in Pakistan 73
- Senator Faisal Javed........................................................................................................................ 73

**26.** Point raised by Senator Syed Waqar Mehdi regarding the tragic incident of 12th May, 2007 in Karachi . 77

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Tuesday, 12th May, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirteen minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

أَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ إِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۖ إِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾ وَ مِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ
نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿٧٩﴾ وَ قُلْ رَّبِّ أَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ أَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّيْ
مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿٨٠﴾ وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ ۖ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿٨١﴾

ترجمہ : نماز قائم کریں سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک اور فجر کی نماز بھی ادا کریں۔ بے شک فجر کے وقت قرآن کی تلاوت میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ اور رات کے کچھ حصے میں تہجد پڑھا کریں، یہ آپ کے لیے اضافی عبادت ہے۔ امید ہے آپ کا رب آپ کو مقامِ محمود عطا فرمائے گا۔ اور دعا کریں: اے میرے رب! مجھے سچائی کے ساتھ داخل فرما اور سچائی کے ساتھ نکال اور اپنی طرف سے میرے لیے مددگار قوت عطا فرما۔ اور کہہ دیجیے: حق آگیا اور باطل مٹ گیا، بے شک باطل مٹنے ہی والا تھا۔ (سورۃ بنی اسرائیل: آیات ۷۸ تا ۸۱)

## Recitation of Naat

کوئی سلیقہ ہے آرزو کا، نہ بندگی میری بندگی ہے

یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

بشیر کہیے نذیر کہیے، انہیں سراج منیر کہیے

جو سر بسر ہے کلام ربی، وہ میرے آقا کی زندگی ہے

کسی کا احسان کیوں اٹھائیں، کسی کو حالات کیوں بتائیں

تم ہی سے مانگیں گے، تم ہی دو گے، تمہارے در سے ہی لو لگی ہے

عطا کیا مجھ کو دردِ الفت، کہاں تھی یہ پر خطا کی قسمت

میں اس کرم کے کہاں تھا قابل، حضور کی بندہ پروری ہے

Mr. Chairman: Before we proceed to the agenda, I want to welcome our very precious guest. (Followed by T02)

T02-12May2026 Abdul Razique/Ed: Waqas 04:20 p.m.

**Welcoming remarks by the Honourable Chairman for esteemed Royal Family and delegation of Belgium for gracing Senate of Pakistan on a special invitation**

Mr. Chairman: Before we proceed to the agenda, I want to welcome our very precious guests from Belgium.

It is indeed my privilege, on behalf of the Senate of Pakistan, to extend a warm welcome to His Royal Highness Prince Edward and Her Highnesses Princess Elisabeth for the Kingdom of Belgium, who graced this august House today at a special invitation.

Your Highness and Your Highnesses, we are deeply aware of your family's long and distinguished history. The House of Ligne is amongst the oldest and most respected noble Houses of Europe. We are honoured by your presence. It reflects the warmth, goodwill and mutual respect that characterises the friendly relations between Pakistan and Belgium.

Our two countries enjoy cordial ties founded on the shared values of democracy, pluralism, and mutual respect. It is our sincere hope that your visit will further deepen the bonds of friendship between Pakistan and Belgium, and leave you with lasting memories of the hospitality and warmth of Pakistani people.

Thank You.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: I welcome Syed Ali Qasim Gilani, Member National Assembly, in the Senate Hall.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Yes, Senator Atta-ur-Rehman.

سینیٹر عطاالرحمان: جناب، میں ایک point of order پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Chairman: It means you do not want to follow the agenda. It is now Question Hour, and your questions are placed for today.

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: سینیٹر فیصل جاوید، Question Hour کے بعد آپ time لے لیں ورنہ منسٹر صاحب چلے جائیں گے۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: I just want to say that Question Hour is extremely important. We are answerable to the people of Pakistan. After the Question Hour, I will give you time. Parliamentary leader of the PTI, do you agree with me?

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین، جی ٹھیک ہے۔ پہلے Question Hour ہو جائے پھر بات کریں گے۔

جناب چیئرمین: بات یہ ہے کہ پھر منسٹر صاحب کو دوسرے ایوان میں جانا ہے۔ سینیٹر مولانا عطاالرحمان صاحب، آپ Question Hour کے بعد بات کر لیجیے گا کیونکہ پہلے ایسی routine کبھی نہیں رہی ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Question No. 49.

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین، میری گزارش یہ ہے کہ۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: بات یہ ہے کہ جب ہم کل بیٹھے تھے تو حکومت والے نہیں تھے لیکن please make sure کہ آج Question Hour کے بعد حکومت کے منسٹر صاحبان یہاں ہوں کیونکہ ہم اپنے issues raise کرنے والے ہیں۔

Mr. Chairman: The Minister has assured that he would be here. Yes, Minister for Parliamentary Affairs.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): بہت شکریہ، جناب چیئرمین! کل اپوزیشن کی طرف سے جو last speaker تھے، انہوں نے تقریباً نو بج کر پانچ منٹ پر تقریر کی .and I was here اس کے بعد میں نے تمام جتنے points note کیے ہوئے تھے، مختصراً سب کا جواب دیا اور نو بجے کے بعد سیشن ختم ہوا۔ ایسا نہیں کہ ہم کوئی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ I was here all the time. شکریہ۔

Mr. Chairman: No crosstalk, please.

## (Questions and Answers)

Mr. Chairman: Question No. 49. Senator Shahadat Awan.

(Q. No. 49)

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین، Answer book میں لکھا ہوا ہے کہ Question No. 49 was deferred on 3rd March, 2026. (359th Session). جبکہ آج اس کے جواب میں لکھا گیا ہے کہ reply not received. میں نے یہ سوال ایک سال پہلے 30 مئی 2025 کو جمع کیا تھا۔ ہر سیشن میں وہ lapse کر جاتا تھا اور میں پھر دوبارہ جمع کرواتا تھا۔ میں نے last time یہ question, 20 November 2025 کو جمع کروایا تھا اور اسے بھی چھ مہینے ہو گئے ہیں۔ آپ منسٹری کی حالت دیکھیں۔ منسٹر صاحب موجود ہیں اور نہ ہی اس کا جواب دیا گیا ہے۔ یہ Government کی efficiency ہے! Question ایک بہت important tool ہے لیکن اسے اتنا serious نہیں لیا جارہا ہے۔

Mr. Chairman: It is the collective responsibility of the Cabinet. Let the Parliamentary Minister reply.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین، گزارش یہ ہے کہ Honorable Senator جو ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: سینیٹر شیری رحمان صاحبہ، سینیٹر شہادت اعوان صاحب کہہ رہے ہیں کہ reply of the Question has not been received for the last one year. جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب، سینیٹر شیری رحمان صاحبہ پہلے بات کرنا چاہتی ہیں۔

سینیٹر شیری رحمان: سینیٹر شہادت اعوان نے Information Ministry کے حوالے سے جو سوال پوچھا ہے، ہم بھی ان سے یہ کہہ چکے ہیں کہ آپ یہ سوال پوچھیں۔ کافی دنوں سے یہ مطالبہ بھی ہے لیکن لگتا ہے کہ دانستہ طور پر اس کا جواب دیا نہیں جارہا ہے۔

Mr. Chairman: Let the Minister reply first.

Senator Sherry Rehman: We have right to ask supplementary question and now we would request that this question should be referred to the Committee concerned.

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب کو جواب دینے دیں۔ جی علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: اس معاملے میں Standing Committee on Information کو بھی کچھ نہیں دیا گیا اور اب سینیٹ کے ایوان کو بھی جواب نہیں دے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: شکریہ، جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ ماشاءاللہ آپ خود بہت پرانے پارلیمنٹرین ہیں اور as Chairman, Senate of Pakistan یہ جانتے ہیں کہ ہماری مکمل اور پوری کوشش ہوتی ہے کہ جو بھی سوال پوچھا جائے، اس کا جواب ملے۔ ظاہر ہے جو concerned departments ہوتے ہیں، وہ ان کے reply کرتے ہیں۔ دیکھیں، ابھی جتنے سوالات ہیں، میرے پاس اتنا موٹا folder موجود ہے جس میں تمام سوالات کے جوابات بڑی تفصیل سے دیے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی نہیں اس کا جواب دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: لیکن اگر کسی وجہ سے ایک یا دو سوال ایسے رہ گئے ہیں جن کی متعلقہ محکموں نے جواب نہیں دی ہے۔۔۔۔

(جاری T03)

T03-12-05-2023 Babar:Ed/Shakeel 4:30PM

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (جاری۔۔) سوالات کے جواب بڑی تفصیل سے دیے۔

جناب چیئرمین: اس کا جواب دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: لیکن جناب، اگر کسی وجہ سے کوئی ایک یا دو سوال ایسے رہ گئے ہیں جن کے متعلقہ محکموں نے جواب نہیں دیے، جناب، میری گزارش ہوگی کہ اس کو defer فرمادیں، اگلے سیشن میں پھر ان شاءاللہ آ جائے گا، اور اس کی reply بھی i make sure کہ آ جائے۔ جناب، تین سال کا data مانگا گیا ہے، تھوڑا سا اس کے لیے time عنایت کریں، وہ data ضرور ہم دیں گے۔

سینیٹر شہادت اعوان: جیسے میں نے یہ کہا کہ 30th May 2025 کو یہ سوال دیا گیا، یہ جواب کیوں نہیں دیا جا رہا ہے؟ اس وجہ سے نہیں دیا جا رہا کہ کھربوں روپے کے اختیارات ایک طرف ہیں، اور ہم کہتے ہیں کہ austerity measures کی طرف جا رہے ہیں، وہ اشتہار، ہاں، تاکہ تین سال کا جواب جب سامنے آئے گا تو یہ پتہ چلے گا کہ غریب عوام کے ساتھ کیا ہو رہا ہے، اور یہ پیسہ کہاں استعمال ہو رہا ہے۔ یہ اوپر answer sheet کے اوپر لکھا ہوا ہے کہ last time سر جب لکھا گیا تھا کہ reply not received ، یہ 3rd March 2026 کو تھا، آپ کے اوپر سب سے اوپر درج ہے۔ اس دن defer کیا گیا، last chance دیا گیا، منسٹر صاحب آئے، ، اس دن ہی defer کیا گیا، اور آج بھی minister صاحب نہیں آئیں، جواب نہیں دیا گیا۔ میرا کہنا یہ ہے، minister صاحب جو ہیں وہ نہیں آ رہے۔ جناب، ہمارا کہنا ہے کہ اشتہارات انہی کو دیے جاتے ہیں جو headlines مرضی کی لگائیں، اور جو ان کے programs چلائیں۔ جس طریقے سے جناب یہ ہو رہا ہے، میں نے عرض کیا ہے کہ Friday کو اس کو زیرِ غور لایا جائے، اور اس کا جواب Friday کو ensure کیا جائے کہ جواب ضرور دیا جائے، اور minister صاحب کو یہاں موجود ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب، آپ ایسے کریں، کوئی دن، ابھی دو دن یا تین دن کا time لے لیں اور reply کریں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: میں ان شاءاللہ اسی اجلاس کے دوران ہی ذرا concerned department سے رابطہ کرکے، تو میں secretary صاحب کے through آپ کو assure کر دیتا ہوں، اس کا جواب آ جائے گا، ان شاءاللہ ۔

جناب چیئرمین: Friday کو آپ کر سکتے ہیں؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: یہ تین سال کا data مانگا گیا ہے، honorable Senatorصاحب جو ہیں وہ کہہ رہے ہیں، ,austerity measures تو اس کو تو شروع ہوئے، ابھی تین دن ہوئے ہیں، یہ تو تین سال کا data مانگا گیا ہے، اس کا تو austerity سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ تو میری گزارش یہ ہے سر کہ اتنا sufficient time عنایت فرما دیں، اگلے week میں رکھ لیں، اگلے weekمیں session تو ہے۔

جناب چیئرمین: اسی sessionمیں آپ جواب دیں گے، sessionتو ختم ہو جائے گا۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: اگلے week میں session ہے۔

جناب چیئرمین: اس پر کوئی دن مقرر کر دیں اسی، sessionکے دوران، اگر اس Friday کو نہیں کر سکتے، تو آگے Monday کو کر لیں، Tuesdayکو کر لیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جی جناب، ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: اگر حکومت پورا budget بنا سکتے ہیں تو ایک محکمے کا جواب کیوں نہیں؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب، budgetتو Finance بناتی ہے، یہ تو Ministry of Information کا ہے۔

جناب چیئرمین: جی سواتی صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب گزارش یہ ہے کہ

Look at this conduct; they have clearly established a pattern. Senator Shahadat Awan, who sits on the treasury bench, has been asking and pleading for nearly a year, yet there has been no response. And it does not end here. If you look at the

second question, it is also related to the Ministry of Information and Broadcasting, but again, no reply has been given. Why are they wasting the nation's sacred money and taking it for granted? Yes, they have developed a pattern of negligence, and we strongly condemn it. Standing before you, Mr. Chairman, I must say this is your sacred duty to hold them accountable and take action against them.

Mr. Chairman: Minister sahib on Tuesday you have to reply.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: Monday کو جناب question hour نہیں ہوتا، Tuesday کو دیں دینگے۔

جناب چیئرمین: جی ٹھیک ہے، question No.27، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری، not present۔

(Q.No.27)

Mr. Chairman: Senator Jan Muhammad Question No.28. Answer taken as read. Please ask your supplementary question.

(Q. No. 28)

سینیٹر جان محمد: چیئرمین صاحب، ایک سال کے دوران پاکستان میں 60 ہزار پاکستانیوں کو ایئرپورٹ سے offload کیا گیا، اتارا گیا، جانے نہیں دیا گیا، جبکہ صورتحال یہ ہے کہ پاکستان کی اس وقت جو آمدنی کا ذریعہ ہے وہ remittance ہے، اور آج کی رپورٹ ہے ان نو مہینوں میں جو پاکستانی باہر ہیں انہوں نے 33 billion and 90 million پاکستان بھیجے ہیں اور میں نے پوچھا ہے کہ ان کو deport جو کیا جارہا ہے، کیا کوئی mechanism ہے کہ ان کو روکا جائے، یا صرف افسران اپنی ضرورت کے تحت ان کو روکتے ہیں اور واپس کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب ! جو سوال معزز ممبر نے پوچھا ہے یہ بڑا ایک relevant issue ہے، لیکن اس کے حوالے سے میں دو چیزوں کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں، honourable Chairman صاحب، ایک سال بعد جو senator صاحب نے بات کی ہے، وہ یہ کہ ہمارے جو overseas پاکستانی ہیں وہ پاکستان کے لیے زرِ مبادلہ کی شکل میں کمائی کا ایک بہت بڑا source ہیں، اور پاکستان کی growth بہت زیادہ اس پر depend کرتی ہے۔ یہ بات بالکل ٹھیک ہے، اور overseas facilitation کے لیے ہمارے دور میں ایک لمبی چوڑی فہرست ہے، جو میں بتا سکتا ہوں کہ ہم ان کے لیے کیا کر رہے ہیں، اور اب تو ان کے لیے جو آخری چیز ہوئی ہے، ان کے لیے independent Courts قائم کر دی گئی ہیں تاکہ اگر ان کے ساتھ کوئی یہاں زیادتی ہو تو ان کا فیصلہ بھی بالکل الگ Court میں ان کے cases سنے اور فیصلہ کرے۔ this is only one step which has been taken بے شمار اور بھی ہے، ان کے لیے ایئرپورٹ پر اقدامات کیے گئے ہیں، ہم ان کا بہت regard کرتے ہیں اور انہیں facilitate کر رہے ہیں، لیکن سر، یہ جو issue ہے offloading کا، یہ ان overseas سے related نہیں ہے۔ میں نے اس لیے آپ کی اجازت سے تھوڑا وقت لے کر یہ clarification دی ہے۔ کچھ cases ایسے ایئرپورٹس پر report ہو رہے ہیں کہ جس مقصد کے لیے کوئی passenger باہر جا رہا ہے، اس requirement کے مطابق اس کے پاس documents ہی نہیں ہوتے۔ مثال کے طور پر جناب، اگر کوئی ایئرپورٹ سے travel کر رہا ہے، اور زیادہ cases GCC countries اور Saudi Arabia کے آ رہے ہیں، اور وہ employment visa پر جا رہا ہے بطور driver ، تو اگر اس کے پاس driving license ہی نہیں ہے، اسے driving abc کا نہیں پتہ، تو اس کا مطلب ہے کہ اس نے وہاں driving نہیں کرنی۔ تو اس لیے جناب، اس طرح کے cases کو offload کیا جاتا ہے، اور اس سلسلے میں یہ بھی عرض کر دوں کہ honourable Senator صاحب کے سوال کا دوسرا حصہ تھا کہ is the offloading done in the sweet will of any officer، تو اس کے لیے سر باقاعدہ criteria ہے and it is strictly carried out in accordance with established procedures جو concerned authority نے laid down کیے ہیں۔

اور جناب، کسی کو تنگ کرنا یا کسی کے ساتھ زیادتی کرنا ہرگز ہمارا مقصود نہیں ہے، اور دوسری بات یہ ہے کہ جو لوگ اس زمرے میں آتے ہیں ان میں زیادہ تر وہ ہوتے ہیں جو sole bread earner ہوتے ہیں اپنی family کے، تو government کو اس میں کیا فائدہ ہے

کہ اگر کوئی شخص پاکستان سے باہر جا کر زرِ مبادلہ کما رہا ہے تو اسے غلط طریقے سے offload کیا جائے؟ there are few casesاور اس کی reason بھی میں نے آپ کو بتادی ہے، detail میرے پاس موجود ہے، اور اسی موضوع پر مزید دو تین سوال بھی پوچھے گئے ہیں، جن کی تفصیلات میں بعد میں آپ کے سامنے رکھوں گا، شکریہ۔

Mr. Chairman: yes Leader of the opposition.

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، شکریہ جناب، پہلی بات یہ ہے کہ ماشاءاللہ ہمارے وزراء کی بڑی تعداد cabinet میں موجود ہے، اور کل بھی طارق چوہدری صاحب کے ساتھ بہت زیادتی ہوئی، انہیں اکیلا چھوڑ دیا گیا، اور وہ رات ساڑھے نو بجے تک یہاں اکیلے بیٹھے رہے، اور ابھی بھی اکیلے تشریف فرما ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ سوال پوچھیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: براہِ مہربانی ان کے ساتھ جو باقی وزراء ہیں، جس سے related question ہے، وہ بھی موجود ہوں۔ کل اکیلے، یقین کریں، وہ رات ساڑھے نو بجے تک defend کرتے رہے، اور آج بھی لگتا ہے کہ اکیلے ہی ہوں گے۔ (جاری۔۔۔)

T04-12May2026 Taj/Ed. Shakeel 04:40 p.m.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (۔۔۔جاری) اور ابھی بھی لگتا ہے آج یہ اکیلے ہی ہوں گے اور سنجیدگی یہ ہے کہ جو سوال کیا جاتا ہے جو منسٹری سے متعلق سوال ہوتا ہے اس کا وزیر آنا چاہیے، اس کو جواب دینا چاہیے۔ بالآخر یہ کسی لیے بنایا گیا ہے۔ اسی لیے تو بنایا گیا ہے کہ سوال کیا جاتا ہے اور وہ جواب دیں۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس کو آپ یقینی بنائیں، ابھی اتنے وزراء ہیں، وہ کہاں ہیں؟

جناب چیئرمین: دیکھیں آپ کو ایک چیز میں بتادوں۔ It is the collective responsibility of the Cabinet. کوئی بھی Cabinet Minister ہوگا وہ جواب on behalf of the Cabinet دے گا۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: ایک وزیر آئے اور باقی سب کا کام کرتا رہے۔ یہ اچھی روایت ہے؟ یہ ہمارے سینیٹ کے حوالے سے بہترین روایت ہے کہ ایسے ہی ہونا چاہیے؟

جناب چیئرمین: نہیں نہیں، مقصد یہ ہے کہ وہ جواب نہ دیں تو پھر آپ کچھ بات کریں۔آپ سوال کریں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: سوال میرا یہ ہے کہ بہت زیادہ لوگوں کو offload کیا جاتا ہے اس بنیاد پر کہ تم جوان ہو اور نہیں جا سکتے۔ان کے پاس ویزا بھی ہوتا ہے، باہر جا رہے ہوتے ہیں۔ ان کے پاس میڈیکل سرٹیفیکیٹ بھی ہوتا ہے لیکن ان کو نہیں جانے دیا جاتا۔ اتار دیا جاتا ہے، وہ بے چارے پریشان ہوتے ہیں۔ ان کے ٹکٹ بھی ضائع ہو جاتے ہیں۔ ابھی چند دن پہلے کی بات ہے، میرے جاننے والے ہیں،ان کا افریقہ میں کاروبار ہے۔ان کے تین افراد جو انہوں نے یہاں سے بھرتی کیے اور وہاں پر اپنی فیکٹری میں بھیج رہے تھے۔ لاہور میں Boarding Card ملنے کے بعد ان کو ایف۔آئی۔اے نے روکا اور کہا OK to Board نہیں ہے۔ اگر OK to Board نہ ہو تو ان کو Boarding Card نہیں ملتا، جناب والا! ایئر لائن Boarding Card نہیں دیتی۔ لیکن ان کے پاس Boarding Card تھا اور ایف۔آئی۔اے والوں نے روکا۔ میں نے ایف۔آئی۔اے والوں کو call کی، میں نے کہا کہ براہ مہربانی ان کو جانے دیں، یہ legal لوگ ہیں، کوئی illegal مسئلہ ہے تو بتاؤ۔ وہ کہتے ہیں کہ OK to Board نہیں ہے۔ میں نے کہا کہ پھر کیسے اس کو Boarding Card دے دیا گیا۔ جناب! اس طرح کی irregularity لاقانونیت ہو رہی ہے، توجہ فرمائیں اپنے ایف۔آئی۔اے پر جو Airports پر موجود ہیں۔ان بے چارے لوگوں کے ٹکٹ ضائع ہو گئے۔ لاکھوں روپے کے ٹکٹ ہوتے ہیں، وہ ضائع ہو جاتے ہیں، غریب لوگ ہیں پتا نہیں کس طرح سے باہر جا رہے ہوتے ہیں۔ جناب! اس وقت پاکستان میں سب سے بڑا مسئلہ غربت ہے۔ جو لوگ باہر جا رہے ہیں، legally جا رہے ہیں، ان کو تو support کرنا چاہیے، appreciate کرنا چاہیے اور encourage کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: میں آپ کی بات کر رہا ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر ان کو offload کرنا ہے تو اس سے پہلے جانے ہی نہ دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! گزارش یہ ہے کہ جو procedure ہے، جب بھی کوئی مسافر پاکستان سے باہر جاتا ہے، International Counter پر، ایئر لائن کا بورڈنگ کارڈ ایک مختلف چیز ہے لیکن immigration کو دیکھنا اور ساری criteria جو ابھی میں آپ کے سامنے رکھ چکا ہوں، اس کو analyse کرنا FIA کا کام ہے۔ یہ PIA کا عملہ نہیں کرتا، PIA کا عملہ تو ذمہ دار ہے کہ وہ آپ کو سیٹ فراہم کر سکتا ہے لیکن جو Immigration Department ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ نے سوال کرنا ہے تو کریں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! FIA Immigration کو look after کرتا ہے،seat arrangement اس کا کام نہیں ہے۔۔۔

(مداخلت)

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! اس سے پہلے میں نے یہ بات عرض کی ہے کہ جو معزز قائد حزب اختلاف نے بات کی ہے، اس کا ہلکا سا اظہار تو میں اپنے جواب میں کر چکا ہوں کہ majority of these cases وہ ہیں جو اپنی family کے sole bread earner ہوتے ہیں۔ یہ متوسط طبقے سے بھی lower middle class کے لوگ زیادہ ہیں۔ وہ بڑی مشکل سے ٹکٹ کے پیسے arrange کرتے ہیں۔ اگر وہ employment arrange کرتے ہیں، اس کے پیسے وہ الگ دیتے ہیں۔ جناب! ہ ساری باتیں ہماری علم میں ہیں۔ میں یہ سوال کر رہا ہوں کہ کسی کو offload کرکے حکومت کو کیا فائدہ ہوتا ہے، وہاں پر ہمیں کوئی فنڈ ملتا ہے یعنی جو genuine case ہو، اسے روک کر ہمیں کوئی ثواب ہے، کوئی فائدہ ہے، مالی فائدہ ہے۔ کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ پاکستان کی عزت کی بات ہے۔ بہت سارے ایسے cases ہیں، پوری دنیا میں آپ دیکھیں کہ اس وقت ہمارے کوئی سترہ ،اٹھارہ لاکھ کے قریب محنت کش صرف دبئی میں ہیں، UAE میں ہیں۔ آج UAE کا ویزا، میں یہ تو نہیں کہوں گا، ظاہر ہے on the floor of the House پھر یہ بڑی ایک ذمہ دارانہ statement ہو جاتی ہے، میں ban تو نہیں کہوں گا لیکن بے حد مشکلات آج پاکستانیوں کو پیش آ رہی ہیں UAE کے ویزا کے لیے جو ہمیشہ بڑا آسان سمجھا جاتا تھا۔ جناب! اس کی کیا وجہ ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ وہاں پر beggary کے cases ہیں، وہاں پر یہی ہوتا ہے کہ آپ کو یہاں پر بتایا کچھ اور جاتا ہے، documentation پر دیا کچھ اور جاتا ہے۔ سعودی عرب میں اس وقت جتنے لوگ جیلوں میں ہیں، سب سے زیادہ تعداد پاکستانیوں کی ہے اور ان کی charges اگر آپ دیکھیں گے تو زیادہ تر beggary ہیں۔ جناب! ان ساری چیزوں کو دیکھنا ہے۔ آپ کے ملک کی عزت کا معاملہ ہے۔ یہاں پر fraud سب سے زیادہ ہوتے ہیں۔ جو لوگ یہاں سے انہیں لے کر جاتے ہیں، ان پر بھی ہم نے ہاتھ ڈالا ہے۔۔۔

Mr. Chairman: I have to make an announcement. This House welcomes the 104 Officers, Scientists, Engineers, Medical Doctors, Administrative and Finance Officers of Senior Officer Management Course No. 45 from Pakistani Institute of Engineering and Applied Sciences (PIEAS), who are sitting in the Visitors' Gallery.

Question No. 30, Senator Jan Muhammad.

**(Q. No. 30)**

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: اگر آپ نہیں کرتے تو اس کا میں تو کچھ نہیں کر سکتا۔ جی۔

سینیٹر جان محمد: جناب! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جن 60 ہزار لوگوں کو ایئرپورٹ سے واپس کر دیا گیا، انہوں نے ٹکٹ لیے تھے، لاکھوں روپے خرچ کیے تھے اور اوپر سے ان کے پاسپورٹ پر جو stamp کی جاتی ہے، وہ ایک عذاب بن جاتا ہے۔ کیا ایف۔آئی۔اے یا حکومت وقت اس کا کوئی ازالہ کرنے کی پوزیشن میں ہے یا ان کے پاس کوئی ایسا plan ہے کہ یہ ان غریب متاثرین کے لیے کوئی راستہ ہو؟

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بالکل جناب! میں پہلے اپنے جواب میں یہ mention کرنے ہی والا تھا، معزز سینیٹر صاحب نے جو سوال کیا ہے کہ what is the mechanism کہ اگر کسی کو شکایت ہے کہ روکا گیا اور اس کی وجوہات میں نے آپ کے سامنے رکھی ہیں تو اس کے پاس پھر کیا remedy ہے۔ جناب! اس کے لیے ایف۔آئی۔اے نے باقاعدہ ایک Integrated Control Complaint and Communication Centre (ICCCC) بنایا ہے، اس کا portal شہریوں کے لیے available ہے۔ آج جب میں بریفنگ لے رہا تھا تو let me quote that incident as well. اس میں FIA کے جو Officers آئے ہوئے تھے، ظاہر ہے کہ یہ جو میں نے بتایا ہے کہ اپوزیشن یا حکومت، یہ تو نہیں ہے کہ ان کے لیے انسانی ہمدردی کی بات کچھ اور ہے اور ہمارے لیے کچھ اور ہے۔ ہم بھی ان چیزوں کو humanitarian angle سے دیکھتے ہیں، ان خاندانوں اور ان کے issues کے حوالے سے اتنا ہی محسوس کرتے ہیں کہ کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔ تو میں نے ان سے بڑی detail میں یہ ساری گفتگو کی اور جب میں نے یہ پوچھا کہ ایف۔آئی۔اے کے officials اگر غلط طریقے سے کسی کو روکیں گے تو ان کے خلاف کیا ہوگا تو انہوں نے بتایا کہ more than 200 FIA officials کے خلاف کارروائی ہوئی ہے اور ان میں سے اکثر نوکری سے برطرف ہوئے ہیں جن کے خلاف یہ شکایات صحیح ثابت ہوئے ہیں۔ جناب! یہ mechanism موجود

ہے کہ اگر کوئی کسی مسافر کے ساتھ زیادتی کرے گا جو qualify کرتا ہے کہ باہر سفر کرے اور وہ اس کو offload کرے گا تو اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔ وہ میں نے آپ کو بتادیا ہے کہ یہ mechanism in place ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! ایسا ہے کہ جان محمد صاحب بھی ٹھیک کہتے ہیں اور وزیر صاحب بھی ٹھیک کہتے ہیں تو پھر غلط تو لوگ کہتے ہیں، غلط تو ہم کہتے ہیں۔ جناب! بات بڑی آسان سی ہے۔ جناب چیئرمین! توجہ چاہتا ہوں۔ بات بڑی آسان سی ہے کہ کسی کو بھی offload کرتے ہیں تو اس کو reasons اسی وقت convey ہونی چاہییں اور وہ in writing convey ہونی چاہییں، یہ تو کر سکتے ہیں نا۔ دونوں صحیح کہہ رہے ہیں، جان محمد صاحب بھی صحیح کہہ رہے ہیں اور وزیر صاحب بھی صحیح کہہ رہے ہیں، کہیں پر ان ساری باتوں کا misuse ہوئی ہے مگر reasons اسی وقت convey ہونی چاہییں with signature and with stamp.

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! وجوہات تو بالکل بتائی جاتی ہیں اور ان ہی کی بنیاد پر وہ اس Portal میں، Complaint Cell جس کا ابھی میں نے ذکر کیا، وہاں پر وہ اپنی شکایات درج کرتے ہیں۔ جب تک انہیں پتا نہیں ہوگا کہ مجھے کیوں روکا گیا تو وہ شکایت درج نہیں کر سکتے۔ وہ یہ بتاتے ہیں کہ مجھے فلاں allegation کے تحت روکا گیا ہے جبکہ میری documentation پوری ہے یا میں fully capable ہوں، eligible ہوں اور جو allegation لگائی گئی ہے، وہ غلط ہے۔ (جاری۔۔۔T05)

**T05-12May2026 Ali/Ed: Waqas 04:50 pm**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (جاری ہے۔۔۔) میں fully capable ہوں، eligible ہوں، اور جو allegation لگائی گئی ہے، وہ غلط ہے، اور وہ انہیں بالکل بتائی جاتی ہے، اور at the spot بتائی جاتی ہے۔

جناب چیئرمین: مسرور صاحب۔

سینیٹر سید مسرور احسن: شکریہ، چیئرمین صاحب۔ منسٹر صاحب مستقل کل سے جواب دے رہے ہیں اور جواب دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ میرا صرف ایک چھوٹا سا سوال یہ ہے کہ یہ بہت سارے لوگ، جیسے انہوں نے ایک مثال دی کہ driver ہے، وہ جا رہا ہے، اس کے پاس

driver کا license نہیں ہے۔ تو میں کہتا ہوں، یہ سارے لوگ جو باہر جاتے ہیں، ان کو کوئی recruiting agencies، جو government سے اس کو authority letter ملتا ہے، وہ ان کو بھرتی کرتی ہیں۔ ایسی کسی recruiting agency کو انہوں نے suspend کیا یا charge کیا یا نہیں؟

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب، جو driver بغیر license کے جا رہے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: Honourable Chairman، میں وضاحت کر دوں کہ گزارش یہ ہے کہ اگر صرف employment کے حوالے سے دیکھا جائے تو دو طرح کی categories ہیں جو باہر جا رہے ہیں۔ ایک category وہ ہے جن کی باقاعدہ وہاں پر employment ہوتی ہے۔ ہمارے یہاں پر وہ ادارے موجود ہیں جو اس employment کو vet کرتے ہیں اور ان کا ایک department ہے جس کے proper protectors ہوتے ہیں۔ وہ protectors ensure کرتے ہیں اور وہ validate کرتے ہیں اس کے visa کو بھی اور اس کی traveling کو بھی، اس پر قطعی طور پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ لیکن بعض لوگ ایسے ہیں جو اس بنیاد پر جا رہے ہیں جن کے پاس وہاں کسی company کی کوئی invite نہیں ہوتی، وہاں ان کی job کی کوئی guarantee نہیں ہوتی۔ جب ان سے پوچھا جائے، تو وہ کہتے ہیں کہ وہاں میرا کوئی family member ہے، میرا cousin ہے اور میں وہاں جاؤں گا، اس نے میرے لیے driving کا بندوبست کیا ہوا ہے۔ Driving license پوچھا جائے تو نہیں ہوتا۔ تو یہ دو different categories ہیں جن کی job verified ہے اور باقاعدہ ایک process کے through ہوئی ہے، انہیں قطعی طور پر کوئی problem نہیں ہے and this is on record.

Mr. Chairman: Senator Muhammad Talha Mahmood, Question No. 30. Taken as read, supplementary.

سینیٹر جان محمد: جناب! سوال نمبر 29 ہے۔

جناب چیئرمین: سوال نمبر 30 ہے۔

سینیٹر جان محمد: وہ سوال نمبر 28 تھا، یہ سوال نمبر 29 ہے۔

جناب چیئرمین: وہ تو ہو چکا ہے۔ .Taken as read, supplementary

(Q No. 30.)

سینیٹر جان محمد: اس میں میرا سوال یہ بن رہا ہے کہ خود یہاں department بتا رہا ہے کہ جو غلط لوگ، یعنی FIA کے 58 اہلکاروں پر case کیا گیا۔ ان پر case یہ ہے کہ انہوں نے ان نوجوانوں کو، جو باہر جا رہے تھے، غلط طور پر روکا اور ان کے passports بھی خراب ہو گئے، ان کے tickets بھی cancel ہو گئے اور ان کے visa بھی خراب ہو گئے۔ تو اس کا مطلب ہے جس طرح منسٹر صاحب پہلے بتا رہے تھے، اس میں لوگوں سے زیادہ تو FIA department کی غلطی ثابت ہو رہی ہے۔ آیا اس غلطی کو روکنے کے لیے وہ کیا ایسے اقدامات کر رہے ہیں کہ ہمارے یہ بچے، جو روزانہ جاتے ہیں، ان کو ان مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے؟

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: یہ ایک گزارش ہے کہ جیسے پہلے میں نے عرض کیا تھا کہ یہ تین چار سوال inter-connected ہیں۔ میں تھوڑا سا shortly بتا دیتا ہوں کہ اس سے پہلے بھی جب یہ سوال کیا گیا کہ ان کی job وہاں already granted ہوتی ہے۔ ہمارے پاس جو department ہے، وہ Bureau of Immigration and Overseas Employment ہے اور اس کی جو integration ہوتی ہے وہ Integrated Border Management System کے ساتھ ہوتی ہے for the purpose of confirming and validating the travel records of the individuals۔ تو جو اس process کے through جاتے ہیں، ان کا secure travel ہوتا ہے۔ ان کے باقاعدہ protectors ہوتے ہیں اور یہ وہ mechanism ہے جس کا honourable Senator پوچھ رہے ہیں کہ .what is the mechanism تو یہ باقاعدہ integrated system ہے، دونوں departments کا آپس میں link ہے، آپس میں information share کی جاتی

ہے اور ان کے travel کو ensure کیا جاتا ہے کہ وہ بالکل safe ہو۔ لیکن random travelers اور اس میں بھی سارے کے سارے نہیں۔

ایسا نہیں ہے اور میں یہ بات بالکل clear کرنا چاہتا ہوں کہ اگر پاکستان سے باہر کوئی نوجوان travel کر رہے ہیں اور ان کے پاس وہاں کی job certification نہیں ہے یا وہ ان اداروں کے ساتھ protector کے بغیر ہیں تو ان سب کو روک دیا جاتا ہے۔ یہ بالکل غلط بات ہے۔ اگر کوئی اس طرح کی بات convey کرنے کی کوشش کرے گا not at this floor anywhere, یہ تاثر دینا ہی غلط ہے۔ ہم تو بالکل again, I reiterate کہ overseas پاکستانیوں کو facilitate کرنا، ان کے لیے سہولتیں پہنچانا، airport پر انہیں facilitate کرنا، یہ government کی ذمہ داری ہے اور ہم وہ کر رہے ہیں۔ لیکن صرف وہ cases جو وہاں جا کر دوبارہ deport ہوتے ہیں، وہاں جا کر ان کے خلاف قانونی کارروائی ہوتی ہے، انہیں ہم بجائے اتنے لمبے چوڑے چکر میں ڈالنے کے، یہاں انہیں سمجھایا جاتا ہے یا انہیں روکا جاتا ہے کہ آپ ان international criteria پر پورے نہیں اتر رہے، یہ problem آپ کو وہاں جا کر face کرنا ہو گی۔

Mr. Chairman: Humayun Sahib, do you want to say anything?

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: آپ نے Question No.30 کہا ہے، یہ Question No.29 سے متعلق سوال کر رہے ہیں۔ وہ Question No.30 کا جواب دے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: ایک ہی جیسے ہیں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: تو بڑی confusion ہو رہی ہے، مجھے سمجھ نہیں آ رہی، میں 30 پڑھوں، 29 پڑھوں، کیا کروں؟

Mr. Chairman: They are all interrelated. We are on Question No.30.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: ان لوگوں نے، حکومت نے پورے پاکستان کو confuse کیا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ confuse ہوگئے ہیں، Question No.30 ہے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: انہوں نے Question No.29 کا سوال کیا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ میں نے correct کیا۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: نہیں، انہوں نے ابھی سوال نمبر 29 کیا ہے۔ سینیٹر جان صاحب سے پوچھ لیں انہوں نے 29 کا پوچھا ہے۔

جناب چیئرمین: غلطی ہو گئی ہے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: وہ 29 کہہ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: اس کا جواب ہو چکا ہے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: انہوں نے ابھی جواب Question No.30 کا دیا ہے، جبکہ سینیٹر صاحب نے Question No.29 سے متعلق پوچھا ہے۔

Mr. Chairman: Senator Mohsin Aziz Sahib, any question on the Question No.30.

سینیٹر محسن عزیز: جی، میرا اس میں supplementary ہے۔

جناب چیئرمین: سوال نمبر 29 کا جواب دے چکے ہیں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر محسن عزیز: Supplementary یہ ہے کہ پاکستانیوں کی ایک تو outward flow ہوتی ہے، ایک inward flow ہوتی ہے۔ جو expatriates اس وقت، whatever is the situation in the UAE, وہاں پر جو لوگ کام کر رہے تھے، انہیں for one reason or the other deport کیا جارہا ہے۔ وہ لوگ جب واپس آ رہے ہیں تو یہ کہا جارہا ہے کہ ان کے passport پر ایسا stamp کیا جارہا ہے کہ they would be barred from traveling for the next

five years, میرا ایک سوال یہ ہے اور دوسرا سوال ساتھ یہی ہے کہ بڑے اچھے اچھے لوگ جب وہاں جاتے ہیں، تو انہیں پتا چلتا ہے کہ ان کا نام PNIL پر لکھا ہوا ہے، یعنی Provisional National Identity List ہے اور سب کچھ ہونے کے باوجود FIA انہیں روک دیتا ہے۔ تو کم از کم اگر کسی کو روکنا بھی ہے، یا PNIL میں کسی کو ڈالنا ہے، توان صاحبان کو پہلے سے پتا ہونا چاہیے، یہ میرا دوسرا سوال ہے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: سنا ہے کہ وہاں جو properties ہیں ان کو بھی ضبط کیا جارہا ہے، اربوں روپے کی properties وہاں رکھی گئی ہیں، وہ لا نہیں سکتے۔

جناب چیئرمین: میں آپ کو تھوڑا سا سمجھاؤں گا، ایک question FIA پر ہو رہا ہے، ایک question overseas پر ہو رہا ہے، اب جن لوگوں کو نکالا جارہا ہے، وہ Foreign Office سے related ہے، تو آپ نے جو question کیا ہے یہ اس کا جواب ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: Honourable Chairman Sahib, ضمنی سوال کے طور پر جو دو سوالات پوچھے گئے ہیں، پہلے تو میں یہ عرض کر دوں کہ یہ تاثر جو آپ کو زیادہ social media پر آج پاکستان میں مل رہا ہے کہ GCC Countries اور بالخصوص UAE میں سے، targeted کچھ لوگوں کو نکالا جا رہا ہے، میں link کر دیتا ہوں اس سوال کو جو Opposition Leader نے پوچھا ہے۔ اس میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ Government کے پاس کوئی ایسی information نہیں ہے، کوئی ایسا data نہیں ہے کہ پاکستانیوں کو کسی بھی ملک سے بغیر کسی وجہ کے deport کیا جارہا ہے یا اس کی کوئی خاص وجوہات ہیں، یا کوئی خاص act ہے جس کے تحت انہیں نکالا جارہا ہے۔ ہمارے پاس ایسی کوئی official information نہیں ہے، یہ ساری social media کی خبریں ہیں۔

Mr. Chairman: Fresh notice required.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: اس سے پہلے بھی آپ کو یاد ہے کہ UAE نے اپنے billions of dollars کے deposit جو پاکستان کو دیے ہوئے تھے، جب واپس لیے تھے، تب بھی social media پر اس حوالے سے کچھ friction تھی، لیکن Ministry of Foreign Affairs نے اسے clear کیا، یہ ان کا right ہے، ہمارا برادر اسلامی ملک ہے۔

Mr. Chairman: Fresh notice required. Question No.31, Senator Talha Mehmood Sahib, not present, Senator Haji Hidayatullah Sahib, Question No.32, taken as read.

(Q No. 32)

(*At this stage, Mr. Presiding Officer Senator Mohammad Abdul Qadir presided over the proceeding of the House*)

[Followed by-T06]

T06–12May2026 Imran/ED: Shakeel 05:00 pm

[*At this stage, Mr. Presiding Officer Senator Mohammad Abdul Qadir presided over the proceeding of the House*]

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ 30 نمبر پر---

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جان محمد صاحب کا mic کھول دیں۔ جان محمد صاحب جلدی جلدی سوال کریں۔

Q.No.30

سینیٹر جان محمد: مہربانی جناب۔ ہزاروں لوگ ایئرپورٹ سے واپس کیے جا رہے ہیں جو کام کے سلسلے میں بیرون ملک جانا چاہتے ہیں۔ آیا FIA یا حکومت کوئی ایسا mechanism بنانے کا سوچ رہی ہے کہ جو لوگ ایئرپورٹ سے واپس ہوتے ہیں، وہ بجائے ایئرپورٹ سے واپس ہوں وہ پہلے ہی کوئی ایسا desk ہو کہ وہ وہاں جائیں اور اپنے documents کو confirm کریں تاکہ اُن کو یہ مشکلات نہ ہوں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کوئی بات نہیں، ابھی انہوں نے سوال کر دیا ہے تو منسٹر صاحب اس کا جواب دے دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): چیئرمین صاحب، گزارش یہ ہے کہ ۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ڈاکٹر صاحب آپ تشریف رکھیں۔ جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب گزارش یہ ہے کہ ایسا mechanism بالکل موجود ہے اور میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ ہماری طرف سے facilitation بھی اور جو خبریں آتی ہیں کہ اتنے پاکستانی جیلوں میں ہیں، اتنے پاکستانی beggary میں پکڑے گئے ہیں اور جناب ایک اور افسوس ناک بات، میں اُس کا ذکر نہیں کرنا چاہ رہا تھا لیکن چونکہ تین چار سوال مسلسل ایک ہی topic سے related پوچھے گئے ہیں، آپ مجھے بتائیں کہ پوری دنیا میں جو لوگ illegal طریقے سے یورپ کے مختلف ممالک میں غیر محفوظ کشتیوں کے ذریعے سفر کرتے ہوئے اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، اُس میں پاکستانیوں کا کتنا نمبر ہے؟ Unfortunately سب سے زیادہ ہے۔ چونکہ یہ data government کے پاس ہوتا ہے۔ ابھی یہاں پر تو یہ بات ہوتی ہے اور شاید مجھے خود بھی کسی نے کبھی اس بارے میں شکایت کی ہو کہ ہمیں لوگوں نے فون کر کے بتایا کہ جی مجھے کسی نوجوان نے روک لیا ہے لیکن جناب اگر کسی فلائٹ پر ڈھائی سو مسافر جاتے ہیں تو اُن کے ساتھ آگے کیا ہوتا ہے، وہاں کتنے deport یا arrest ہوتے ہیں، وہ data government کے پاس ہوتا ہے۔ وہ data عام ممبر سے تو share

نہیں ہوتا تو لہٰذا اُن سب data اور اُن سب مشکلات کو سامنے رکھتے ہوئے یہ policies بنائی جاتی ہیں۔ باقی جو آپ نے کہا ہے کہ اُن کی traveling سے پہلے، یہ mechanism بھی مکمل تیار ہو رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس سے ہی لوگ facilitate ہو جائیں گے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: ان شاء اللہ تعالیٰ میں اس ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس کو ہم public کے لیے مزید friendly بنائیں گے تاکہ accessible ہو اور اُنہیں ایئر پورٹ سے پہلے پتا ہو کہ میرے لیے یہ یہ مشکلات ہیں۔ باقی جناب جو محسن عزیز صاحب کی جانب سے stop list کی بات کی گئی ہے، وہ بالکل ایک الگ معاملہ ہے اور اُس کی وجوہات کچھ اور ہیں۔ جن لوگوں کے خلاف FIRs ہیں اور جن لوگوں کے خلاف مقدمات ہیں تو اُن لوگوں کے نام stop list وغیرہ میں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محسن صاحب! سن لیں وہ جواب دے رہے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: میں کہہ رہا تھا کہ جو لوگ stop list میں ہیں، اُن کا اس issue سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ Stop list میں ڈالنے کی وجوہات کچھ اور ہیں۔ اُس کا جب سوال آئے گا تو میں وجوہات بھی ایوان کے سامنے رکھ دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی شکریہ۔ جی حاجی ہدایت اللہ صاحب۔ سوال نمبر 32.

Q.No.32

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ میں نے جو سوال کیا ہے اُس کے 'ج' میں میں نے پوچھا ہے کہ Interview Committee کے اراکین کے نام اور عہدے کیا ہیں۔ تو باقی ادھر اُدھر کا تو تھوڑا بہت جواب دیا ہے لیکن اس کو تو بالکل دیکھا بھی نہیں ہے کہ یہ کون سے لوگ interview میں بیٹھے تھے اور اُن کے عہدے اور نام کیا ہیں۔ وہ نام اگر یہاں آ جاتے تو اچھا ہوتا اور ہمیں بھی پتا لگتا کہ یہ کس نے کیے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین صاحب، گزارش یہ ہے کہ Ministry of Information and Broadcasting میں یہ جو اٹھارہ لوگوں کی appointments ہوئی ہیں، اس میں اگر آپ دیکھیں تو دس 14 posts grade کی ہیں، دو 15 posts grade کی ہیں، دو 14 posts grade کی ہیں، دو 13 posts grade کی ہیں اور جناب دو posts grade 11 کی ہیں۔ جناب یہ وہ posts ہیں جن کے لیے Federal Public Services Commission کا exam نہیں ہوتا اور اس کے لیے internal کمیٹی بنتی ہے جس میں اُن کے maximum ایک ایڈیشنل سیکریٹری، اُس نے ساتھ ایک جوائنٹ سیکریٹری اور concerned سیکشن آفیسر وغیرہ ہوتے ہیں اور بعض اوقات جب Establishment Division یہ کمیٹی notify کرتی ہے تو کسی دوسری منسٹری سے بھی کوئی ایک یا دو جوائنٹ سیکریٹری اس میں ڈال دیے جاتے ہیں۔ یہ بھرتیاں internal mechanism کے تحت ہوتی ہیں۔ یہ ,grade 15 and below یہ Public Services Commission کا exam نہیں ہے۔ تو یہ ہر منسٹری کے اپنے internal officers ہوتے ہیں plus Establishment Division جب کمیٹی notify کرتی ہے تو ایک دو لوگ دوسری وزارتوں سے بھی اس میں ڈالے جا سکتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی شکریہ۔ کوئی ضمنی سوال؟

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سواتی صاحب! پہلے آپ سوال پوچھ لیں۔ ان کے ڈاکٹر صاحب نے کچھ کہا ہے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: سینیٹر صاحب کیا بات ہے، یہاں سے اُٹھ کر جب وہاں جاتے ہیں تو پھر مزاج تبدیل ہو جاتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ تو دنیا کا اصول ہے نا۔

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Mr. Chairman, I want to draw the attention of the Honourable Minister.

جناب یہ ذرا دیکھ لیں اور خود ہی فیصلہ کر لیں کہ یہ کیا جواب ہے۔

Details of the appointments against the clerical posts by the ministry, name and number of the posts, where are the names? Number of the posts and number of the candidates applied?

کتنا detail میں question کیا ہے and there is a merit behind this question اور آگے سے خالی جواب دیکھ لیں کہ جواب کیا ہے۔ وہی ہے کہ سوال گندم اور جواب جو۔ میں سمجھتا ہوں کہ منسٹری کی اس سے بڑھ کر نالائقی نہیں ہو سکتی۔ آپ خود ہی فیصلہ کریں۔ You are a very honourable and very seasoned minister. Look at it. پارلیمانی امور اس لیے ہوتا ہے کہ منسٹر کو پتا ہوتا ہے کہ کیا ہے۔ صرف اس کا جواب دیکھ لیں اور میرا یہ خیال ہے کہ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ ہدایت اللہ صاحب نے جو سوال کیا ہے، اُس کا جواب کم از کم اُس کو مل جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی دنیش صاحب آپ بھی سوال کر لیں۔ منسٹر صاحب، پھر ایک ہی دفعہ جواب دے دیں۔

سینیٹر دنیش کمار: منسٹر صاحب! میرا آپ سے ایک معصومانہ سا سوال ہے کہ Steno typist کی گیارہ posts ہیں جو آپ نے award کر دیں اور لوگ منتخب ہو گئے۔ اس میں اسلام آباد کے لیے چار، خیبر پختونخوا کے لیے تین، پنجاب کے لیے تین، سندھ رورل کے لیے ایک اور بلوچستان کے لیے دو ہیں۔ اب مجھے یہ بتائیں کہ اس میں بے چارے معذوروں کا کوٹہ، اقلیتوں کا کوٹہ اور خواتین کا کوٹہ کیا ہوا میں اُڑ گیا۔ کیا یہ اتنی ظالم حکومت ہے کہ معذوروں کا کوٹہ بھی کھا گئی۔ اقلیتوں کا کوٹہ بھی یہ ظالم حکومت کھا گئی۔ اُنہیں کیوں نظر انداز کیا گیا ہے، اس کا پلیز مجھے جواب دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جو پہلا ضمنی سوال پوچھا گیا ہے اُس حوالے سے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ I don't know کہ جو اس وقت booklet چھپی ہے اُس میں جو معزز سواتی صاحب نے بات کی ہے، اگر اُس میں کوئی misprint ہوا ہے تو مجھے نہیں پتا کیونکہ میرے پاس جو منسٹری کا جواب آیا ہے، اُس میں بڑا clearly لکھا ہے کہ جو BS-15 میں total number of applicants ہیں، وہ

skill test and interview جو eligible candidates ہیں اور 1,469 ہیں، وہ appear ہوئے ہیں، جو اور 11,436 وغیرہ کے لیے ہیں وہ 250 ہیں۔ اسی طرح جو BS-14 میں 6,390 ہیں۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کا detailed جواب آیا ہوا ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: اس میں جو eligible ہیں، وہ 156 ہیں۔ اسی طرح BS-13 اور BS-11 کے لیے بھی details دی گئی ہیں۔ اس میں پوری details دی گئی ہیں۔ اس میں کوئی چیز بھی مخفی نہیں رکھی گئی ہے یعنی number of applicants سے لے کر کتنے لوگوں نے test دیے اور کتنے لوگوں نے interview دیا ہے، وہ ساری details دی گئی ہیں۔ I don't know کہ معزز سینیٹر صاحب کو اس میں کس details کی مزید ضرورت ہے۔ وہ اگر چاہتے ہیں تو ہمارے officers بیٹھے ہیں، میں مزید detail اُنہیں دے دوں گا۔ اس میں کوئی چیز بھی چھپی ہوئی نہیں ہے۔

**(مداخلت)**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جی جناب میں آ رہا ہوں۔ ابھی جو ایک معصوم سوال پوچھا گیا ہے وہ معصوم نہیں ہے بلکہ بڑا ہی serious question ہے لیکن میری گزارش یہ ہے کہ کوئی بھی منسٹری اپنے طور پر یہ decide نہیں کر سکتی کہ وہ معذوروں کا کوٹہ ہو یا minorities کا کوٹہ ہو، اُسے generate کر سکے یا اُسے delete کر سکے۔ یہ کسی منسٹری کی صوابدید نہیں ہے۔ تو مجھے اس کے لیے اتنا time دیں۔۔۔ (جاری۔۔۔۔T07)

**T07-12May2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 5:10 pm**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (جاری۔۔۔) جناب چیئرمین! مجھے اس کے لیے اتنا وقت دیں کہ next session میں آپ کو specifically معزز سینیٹر اور ایوان کو بھی بتاؤں گا کہ اس میں وہ دو کیوں نہیں، اس کی وجہ کیا ہے؟ یہ بات میں دوبارہ reiterate کرتا ہوں it is not on the sweet will of the Ministry, Secretary or Minister, who can

generate or who can delete the quota of the minorities and disabled. میں یہ ہو نہیں سکتا۔

ان شاءاللہ کل ہی آپ کو اور ساتھ ایوان کو بھی بتاؤں گا۔

Mr. Presiding Officer: Q.No.33. Senator Muhammad Aslam Abro sahib. Not present.

(Q.No.33)

Mr. Presiding Officer: Q.No.34. Senator Mohsin Aziz sahib.

(Q.No.34)

Mr. Presiding Officer: Any supplementary?

سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ انہوں نے جواب negative میں دیا ہے۔ مجھے بتایا جائے کہ اتنا بڑا اخبار جس کو Dawn کہتے ہیں اس میں report آئی تھی کہ نوشہرو فیروز میں accident ہوا تھا اس میں an initial inspection carried out by Pakistan Railways official has found that 10 out of 18 passenger coaches of the 27 of Shalimar Express were operating as dummy coaches, including 9 nearly 60% that were being run without brakes and required urgent maintenance یہ لکھا گیا ہے کہ اس کو denial نہیں کیا گیا۔ اس کی وہاں پر inspection ہوئی ہے، جب کہ یہاں پر جواب دیا جا رہا ہے complete denial کہ نہیں جی ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ مجھے بتایا جائے کہ یا تو اس اخبار کو پھر انہوں نے کس طریقے سے یہاں پر denial اس کی دی گئی کیونکہ یہ passenger safety, human safety کا سوال ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک منٹ منسٹر صاحب! Supplementary بھی ساتھ ہی لے لیتے ہیں، اکٹھے جواب دے دیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی۔ چلیں منسٹر صاحب جواب دے دیں۔ تشریف رکھیں، محسن عزیز صاحب آپ کو ابھی جواب دینا ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! الگ الگ جواب دے دیتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تشریف رکھیں، سینیٹر محسن عزیز صاحب آپ کو ابھی جواب دینا ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! دو گھنٹے چلائیں کوئیissue نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ میں نے آج معزز سینیٹر صاحب ماشاءاللہ ایک بہت learned، بہت محنتی اور بہت seasoned Parliamentarian ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: .Seasoned

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے۔ میں بالکل دل سے یہ بات کہہ رہا ہوں لیکن جب میں نے سوال سنا اور پڑھا، جب میں اس کی briefing لے رہا تھا یقین کریں کہ مجھے یقین نہیں آیا کہ میں ٹھیک پڑھ رہا ہوں یا مجھے اس میں کوئی غلطی ہوئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سوال تھا کہ whether it is a fact that, 60% of the Shalimar Express coaches are operating without brakes یہ بات کوئی انسان کی عقل مان سکتی ہے؟ میں Railway authorities کی طرف سے کہہ رہا ہوں کہ 60% of the trains without brakes کے، یہ اتنا بڑا دھماکہ ہے۔ یہ وہی ہے جو اس سے پہلے ایک مرتبہ ان کے ہوا بازی کے وزیر نے بات کی تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Civil Aviation کے وزیر۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! Civil Aviation کے وزیر نے PTI کے دور میں یہ بات کی تھی کہ جو pilots ہیں پتا نہیں 80% یا 70% کے پاس جعلی ڈگریاں ہیں اور پوری دنیا سے۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فی صد میں غلطی ہو گئی ہو گی۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: پوری دنیا سے, Pakistan's pilots, International airlines ان سب کو نوکریوں سے نکال دیا گیا۔ آج ٹرینوں کے بارے میں کہا جارہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا جی، question hour کے ابھی seven minutes رہ گئے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! میں یہ مکمل کر لوں۔ بات تو مکمل کرنے دیں ناں!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر محسن صاحب جواب سن لیں پھر۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ خدا کے لیے اداروں کے اوپر اس طرح کے خود کش حملے نہ کیے جائیں۔ پاکستان ریلویز ترقی کر رہا ہے۔ پاکستان ریلویز کے نئے tracks سے لے کر نئی ٹرینوں کی آمد۔ آگے ایک سوال بھی ہے اگر ہم وہاں تک پہنچ گئے کہ railway tracks کے ساتھ اب ہم beautification, plantation اور بہت سارا کام کر رہے ہیں۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ ان ٹرینوں کی بریکیں ہی نہیں ہیں۔ میں سختی سے اس کی تردید کرتا ہوں مکمل maintenance ہر ٹرین کی ہوتی ہے۔ دوسرا ان کے سوال کا حصہ ہے کہ maintenance کیا کی جاتی ہے وہ میں بتا دیتا ہوں۔

جناب والا! ہمارے اس وقت جتنے prescribed safety standards ہیں، پانچ میں آپ کو بتا دیتا ہوں complete safety examination of coaches at washing lines for safe train operation including interior and under gear bodies etc., اس میں ساری maintenance آتی ہے۔ Safe and functional signalling in system, اسے upgrade بھی کر رہے ہیں۔ آپ کو یاد ہے track safety کہ کئی حادثات پچھلے ادوار میں ایسے ہوئے ہیں کہ ٹرینیں tracks سے اتر گئی ہیں تو unfortunately بڑے tragic incidents ان کو روکنے کے لیے track safety تھے۔ نمبر چار alert and efficient train drivers and guards اور نمبر پانچ alert and efficient station staff اس کے علاوہ وہاں پر janitorial services کو outsource کیا جارہا ہے۔ وہاں پر ان کے restaurants اور بیٹھنے کی جگہیں ہیں انہیں جناب حنیف عباسی صاحب، وزیر برائے ریلویز خود موجود ہوتے ہیں۔ آج بھی آپ دیکھیں کہ وہ ایوان کی بجائے field

میںtrain stations کی up-gradation اور ان کی beautification کے لیے کام کر رہے ہیں۔ لیکن again and again, I request کہ اس طرح کا تاثر دینا کہ ہماری ٹرینیوں کی بریکیں کمزور ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ آپ تشریف رکھیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بالکل غلط ہے، اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر محسن عزیز صاحب ذرا.briefly جی پلیز۔

سینیٹر محسن عزیز: دیکھیں، اگر آپ calculation کر لیں 18 میں سے 10 کا مطلب ہوتا ہے 55.55 ٹھیک ہے جی۔ ہو سکتا ہے میں نے 60 لکھا دیا ہے، وہ غلط لکھ دیا ہے لیکن یہ آپ کی reported ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے۔ اس کا جواب انہوں نے دے دیا ہے نا۔

سینیٹر محسن عزیز: نہیں، نہیں انہوں نے کہا ہے کہ میرے بہت سوال غلط ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محسن بھائی انہوں نے جواب دے دیا ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: میرا 4.5% سوال غلط ہے باقی 99.9% ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لیکن انہوں نے کہا ہے کہ media میں غلط report ہوا ہوگا۔ آپ media کو check کریں۔ اچھا جی، سینیٹر وقار مہدی صاحب اور۔۔۔

سینیٹر محسن عزیز: عوام کے لیے ضروری ہے کہ اس کی correction دی جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر وقار مہدی صاحب۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! کچھ باتیں media, social media electronic and print media پرprint ہوتی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہم سمجھتے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ ان میں کتنے فیصد حقیقت ہوتی ہے، سو فیصد حقیقت نہیں ہوتی۔ میں اس بحث میں نہیں جاتا کہ 80% ہوتی ہے، 90% ہوتی ہے یا 30% حقیقت ہوتی ہے اس بحث کو چھوڑ دیں لیکن یہ ایک fact ہے کہ 100% facts, according to reality ٹھیک نہیں ہوتے۔ جس media نے بھی report کیا ہے بالکل غلط report کیا ہے۔ میں سختی سے اسے condemn کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کل سے media میں چل رہا ہے کہ Senator Qadir wants diplomatic passport for their children حالانکہ ایسی کوئی چیز نہیں ہے۔ وقار مہدی صاحب، پلیز۔

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب چیئرمین! اس سوال کے سلسلے میں بات کرنا چاہتا ہوں، میرا ضمنی سوال یہ تھا اور بتانا بھی تھا کہ شالیمار ایکسپریس۔۔ایک منٹ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محسن صاحب خاموش ہو جائیں۔

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب چیئرمین! شالیمار ایکسپریس privatize کی گئی ہے۔وہ private sector میں چلی گئی ہے۔ شالیمار ایکسپریس کی صورت حال یہ ہے کہ میں اپنا ذاتی آپ کو بتاؤں کہ یکم مئی کو شالیمار ایکسپریس پر میں نے کراچی سے روہڑی سفر کیا۔ اس کی حالت یہ تھی کہ کوٹری میں وہ کھڑی ہو گئی، گھنٹہ بعد معلوم چلا کہ اس کی bogie damaged ہے۔ آپ اس کی تحقیقات کرا لیں وہ damaged bogie ہے۔ وہ روہڑی میں ڈیڑھ گھنٹہ لیٹ پہنچی۔ روہڑی سے شام کو اس کا وقت تھا وہ لیٹ آئی، معلوم ہوا اس کی power

van fail ہو گئی۔ شالیمار ایکسپریس کی صورت یہ حال ہے کہ آپ اس کو private sector کو دینے کے بعد اس پر کوئی چیز دیکھا نہیں ہے۔ آپ کو میں اس کی اندر کی service کی بات بتاؤں کہ اس کے ticket کے اندر passenger کو ایک ناشتہ اور ایک lunch دیا جاتا ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ وہاں پر جتنے passengers بیٹھے تھے ان کو تین گھنٹے کے بعد ناشتہ serve کیا گیا۔ کوئی پوچھنے والا نہیں تھا۔ میں نے وہاں پر conducting guard تھا اس کو میں نے شکایت کی، وہاں پر جو officers تھے ان کو میں نے شکایت کی لیکن اس کا کوئی ازالہ نہیں ہوا۔ یہ آپ کے private sector کے اندر شالیمار چل رہی ہے اس کی یہ صورتحال ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عابد شیر علی صاحب، آپ بھی بات کر لیں تاکہ منسٹر صاحب اکٹھے جواب دیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: ڈاکٹر صاحب میں سوال کر لوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Question hour ختم ہو رہا ہے، جی۔

سینیٹر عابد شیر علی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میرا معزز منسٹر صاحب سے سوال ہے کہ۔۔

(مداخلت)

سینیٹر عابد شیر علی: جناب! میرا معزز منسٹر صاحب سے سوال ہے کہ بہت ہی prime land ریلوے کی کئی دہائیوں سے خالی پڑی ہیں اور اس کا کوئی use نہیں ہے۔ مجھے منسٹر صاحب سے پوچھنا ہے کہ وہ کتنی زمین ان کے control میں ہے اور کتنی لوگوں کے قبضے میں زمین ہے۔ اگر ریلوے کی حالت بدترین ہے جو billions of rupees کی prime land ہر city میں پڑی ہوئی ہے اس سے revenue generate کرنے کے لیے کون سے Ministry نے ایسے اقدامات کیے ہیں کہ اس زمینوں سے ان کو revenue حاصل ہو اور ریلوے کے نظام کو بہتری کی طرف لے کر جائیں؟ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، منسٹر صاحب جواب دے دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! معزز سینیٹر صاحب نے شالیمار ایکسپریس کے حوالے سے بات کی ہے basically ایک ضمنی سوال سے زیادہ ایک شکایت ہے، ایک incident ہے جس کا انہوں نے ذکر کیا I assure on the floor of the House that our relevant Minister and concerned CEO ہیں میں ان تک شکایت پہنچاؤں گا۔ (جاری۔۔۔T08)

T08-12May2026 Mariam Arshad/Ed:Waqas 05:20 p.m.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (جاری۔۔۔۔) ہمارے جو concerned CEO ہیں ان تک ان کی یہ شکایت پہنچاؤں گا اور اس کا ازالہ ہوگا اور بالکل ہمارے لیے قابل احترام ہے اگر یہاں پر کوئی بات point out ہوتی ہے تو ہم اس لیے کھڑے نہیں ہوتے کہ ہم اس کو null and void کریں اور ہر بات کو ہم کہیں گے کہ نہیں جی آپ بھی غلط کہہ رہے ہیں، آپ بھی غلط کہہ رہے ہیں۔ جو پچھلی بات تھی بریکوں والی وہ تو بالکل ایک الگ context میں تھی وہ تو پورے ادارے کی efficiency, اس کی performance, اس کی utility. اس کے اوپر ایک question mark تھا اس لیے میں نے میڈیا کو بھی کہا کہ انہوں نے بھی غلط خبر دی ہے۔ ایک بات تو یہ ہے، دوسری بات جناب عابد شیر علی صاحب نے جو سوال کیا ہے یہ کافی technical سوال ہے۔ ان کا concern بالکل جائز ہے لیکن چونکہ اس میں data involved ہے، facts and figures involved ہیں۔ اس کے لیے ان کو ایک fresh question دینا پڑے گا اور اگر وہ چاہتے ہیں تو میں اس کی details concerned ادارے سے لے کر with facts in person ان کے ساتھ share کر لوں گا۔ لیکن اگر ایوان میں لے کر آنا چاہتے ہیں then he will have to give a fresh question.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ Question No. 35 لے لیں؟ Question hour is over اگر مسرور صاحب نے اپنا سوال کرنا ہے تو کر لیں۔

سینیٹر سید مسرور احسن: میرا Question No.35 بھی ہے، 36 بھی ہے اور 37 ہے۔ Question no. 35 and 36 are taken as read. میں 37 پر بات کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں کریں۔ 37 کرنے دیں وقت پورا ہو گیا ہے۔

(Q.No.37)

سینیٹر سید مسرور احسن: میں نے اس میں سوال کیا تھا Jinnah International Airport Karachi کے بارے میں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ یہ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح صاحب کے نام پر یہ ایئرپورٹ ہے اور میں نے یہ دیکھا ہے میں نے سوال بھی اٹھایا تھا کہ کراچی جناح انٹر نیشنل ایئرپورٹ پر مسافروں کی لمبی لمبی قطاریں لگی رہتی ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا ہے۔ جب سے یہ بنا ہے اس کے بعد اس میں تو یہ کہہ رہے ہوں گے کچھ لیکن میں نے کوئی renovation نہیں دیکھی۔ جناح انٹر نیشنل ایئرپورٹ اس شہر کراچی میں ہے جہاں پر آپ کے پاس 2 sea ports ہیں، جہاں تمام بین الاقوامی لوگ تجارت کے لیے آتے ہیں۔ یہ آپ کا حب ہے اور اس جناح انٹر نیشنل ایئرپورٹ کی حالت یہ ہے اگر آپ کہیں ٹوائلٹ جا کر دیکھیں تو اس کی حالت بری ہے، مسافروں کی لائن میں لگنے کی حالت بری ہے، سامان اٹھانے کی trolley کی حالت بری ہے اور اس میں renovation کا انتظام نہیں ہوا۔ میری گزارش یہ ہے کہ میں ان کے اس جواب سے مطمئن نہیں ہوں اب منسٹر صاحب اس کا کوئی تفصیلی جواب دیں گے تو شاید میری سمجھ میں آئے۔

Mr. Presiding Officer: Any supplementary question?

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: سینیٹر صاحب کا جو concern ہے وہ جائز ہے اور ہم سب جانتے ہیں کراچی ایئرپورٹ کی جو حالت ہے، اس کی up gradation بھی نہیں ہوئی۔ جو یہ plan بتا رہے ہیں، اس میں بھی delays ہیں۔ یہ سوال relevant committee کو بھیجا جائے تاکہ وہاں deliberations ہوں اور وہاں department سے سوال کیا جائے کہ آپ کا up gradation plan for Jinnah International Airport کب پورا ہو گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: امیر چشتی صاحب۔

سینیٹر امیر ولی الدین چشتی: یہ مسئلہ بہت زیادہ سنجیدہ ہے چونکہ میں اس لاوارث شہر کراچی کی نمائندگی بھی کرتا ہوں۔ صوبائی گورنمنٹ سے تو ہمارا گلہ رہتا ہی رہتا ہے لیکن جو ہمارے اتحادی ہیں فیڈرل گورنمنٹ میں ان سے بھی گلہ ہے اور اس میں جو چیزیں لکھی ہیں کراچی ایئرپورٹ کے لیے اور جو کہ قائد اعظم کے نام سے منسوب ہے اس کا تو انہوں نے وہ حال کیا ہے جیسا پاکستان کا حال ہوا ہے۔ وہاں پر نہ تو باتھ روم ٹھیک بنے ہوئے ہیں جس کی انہوں نے detailلکھی ہے اس میں wash rooms موجود نہیں ہیں ،انہوں نےlawnبنایا ہے وہ وہاں موجود نہیں ہے۔ ہم تو travel کرتے ہیں یہ جتنی چیزیں انہوں نے لکھی ہیں وہ وہاں پرavailable نہیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں آپ کے ساتھ agree کرتا ہوں کیونکہ ہم بھی وہاں سے travel کرتے ہیں۔

سینیٹر امیر ولی الدین چشتی: اس میں مسئلہ یہ ہے کہ انہوں نےrenovationکا جوexpenseبتایا ہے وہ تو ایسا لگتا ہے کہ شاید یہ کوئی بس اسٹیشن کو بنانے کے لیے اتنے fundsاستعمال ہوتے ہیں جو کہ وہ انٹر نیشنل ایئرپورٹ کے لیے استعمال ہو رہے ہیں۔ اس کو کمیٹی میں بھیجیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بلوشہ صاحبہ آپ کا سوال ہے؟ جی سینیٹر سید وقار مہدی۔

سینیٹر سید وقار مہدی: میں یہ عرض کرنا چاہ رہا تھا کہ جو سینیٹر مسرور کا سوال ہے جناح انٹر نیشنل ایئرپورٹ کے حوالے سے وہاں اگر آپ دیکھیں1992 میں وہ بنا تھا یا اس کی inauguration ہوئی تھی۔ اس کے بعد سے وہاں ایک کیل بھی نہیں لگائی گئ لیکن وہاں دوسرا کام یہ ہوا کہ وہاں پرcommercial stallsبنا دیے گئے۔ اگر آپ دیکھیں تو پاکستان کا ہر stallوہاں موجود ہے اب تو وہاں بیٹھنے کی جگہ بھی کم ہو گئی ہے۔ وہاں پر لوگوں کے لیے کوئی سہولت نہیں ہے جو باہر لاؤنج ہے جہاں اندر ٹکٹ لیتے ہیں وہاں سے لے کر lounge تک لاؤنج میں بیٹھنے کی جگہ بھی نہیں ہوتی اگر وہاں چار پانچflights different citiesکی ایک ساتھ آ جائیں۔ دوسری بات یہ کہ Civil Aviation Authorityکا کوئی facilitation assistantوہاں نہیں ہوتا جو مسافروں کوguide

کر سکے تو وہاں کی صورت حال بہت خراب ہے ایسا لگتا ہے کہ جیسے ہم کسی گاؤں کے ایئرپورٹ پر کھڑے ہیں وہ انٹر نیشنل ایئرپورٹ نہیں لگتا وہ بہت ہی عجیب سا ایئرپورٹ لگتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی تشریف رکھیں۔ میرا یہ خیال ہے کہ روبینہ قائم خانی صاحبہ بھی کہہ رہی ہیں، آپ بھی کہہ رہے ہیں، ہم کمیٹی کو refer کر دیتے ہیں۔ گھمرو صاحب بھی کھڑے ہو گئے ہیں اور مسرور صاحب بھی کراچی ایئرپورٹ کا بہت سنجیدہ مسئلہ ہے۔ اس کو کمیٹی کو refer کریں۔ اس پر کیا بات کریں جب کمیٹی کو refer کر رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لوگوں کے بہت سارے objections ہیں، کمیٹی کو بھیج دیں۔ سارے لوگ وہاں پر اپنا اپنا concern show کریں۔ جی بتائیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ سارے اپنے اپنے airports کو رو رہے ہیں فیصل آباد کا ایئرپورٹ، فیصل آباد ایک بزنس حب ہے unfortunately وہاں پر run way تو بنا دیا ہے جہاں پر Boeing اتر سکتا ہے لیکن شیڈ ہی نہیں ہے جہاں پر اس کی پارکنگ ہو سکے۔ یہ کتنی بدقسمتی، کتنا بڑا مذاق ہے شہر کے ساتھ۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ سوال چونکہ کراچی کا ہے۔

سینیٹر عابد شیر علی: یہ airport سے متعلق سوال ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں airport کا نہیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: فیصل آباد شہر نہیں ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بڑا شہر ہے، industrial city ہے۔

سینیٹر عابد شیر علی: Airport کی بات ہو رہی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب اس کو بھی refer کر دیں۔ منسٹر صاحب اس کو note کر لیں اور جو پرانا سوال ہے اس کو کمیٹی کو refer کر دیا ہے۔ Question hour is over.

## Leave of Absence

Mr. Presiding Officer: Senator Muhammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 11th May, 2026 during the current session due to official engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Sardar Al Haj Muhammad Umer Gorgaij has requested for the grant of leave for 11th May, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Saadia Abbasi has requested for the grant of leave for 11th and 12th May, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Kamran Murtaza has requested for the grant of leave for 7th May, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Order No.03, Senator Shahzaib Durrani, Chairman Standing Committee on Foreign Affairs, please move Order No.03.

**Motion Under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs on the subject matter of Starred Question No. 24 asked by Senator Danesh Kumar, on 19th December, 2024.**

Senator Shahzaib Durrani: I, Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 24 asked by Senator Danesh Kumar, on 19th December, 2024, regarding names, designations, grades and place of domicile of officers and officials appointed on deputation basis and absorbed in the Ministry of Foreign Affairs during the last five years, may be extended for a period of sixty days with effect from 13th May, 2026.

Mr. Presiding Officer: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No. 04. Senator Dilawar Khan Chairman Standing Committee on Inter-Provincial Coordination, please move Order No. 04.

(Continued……T09)

T09-12May2026 FAZAL/ED: Waqas 05:30 pm

Mr. Presiding Officer: Order No. 04. Senator Dilawar Khan, Chairman, Standing Committee on Inter-Provincial Coordination, please move Order No. 04. Senator Rubina Qaim Khani, please move on his behalf.

**Presentation of report of the Standing Committee on Inter-Provincial Coordination on [The Travel Agencies (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Rubina Qaim Khani: Thank you, Mr. Chairman, I, on behalf of Senator Dilawar Khan, Chairman, Standing Committee on Inter-Provincial Coordination, present report of the Committee on a Bill further to amend the

Travel Agencies Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Travel Agencies (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Senator Dilawar Khan, Chairman, Standing Committee on Inter-Provincial Coordination, may move Order No. 5.

**Presentation of report of the Standing Committee on Inter-Provincial Coordination on [The Pakistan Tourist Guides (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Rubina Qaim Khani: I, on behalf of Senator Dilawar Khan, Chairman, Standing Committee on Inter-Provincial Coordination, present report of the Committee on a Bill to amend the Pakistan Tourist Guides Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Pakistan Tourist Guides (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Senator Dilawar Khan, Chairman, Standing Committee on Inter-Provincial Coordination, may move Order No. 6.

**Presentation of report of the Standing Committee on Inter-Provincial Coordination on [The Pakistan Hotels and Restaurants (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Rubina Qaim Khani: I, on behalf of Senator Dilawar Khan, Chairman, Standing Committee on Inter-Provincial Coordination, present report of the Committee on a Bill to amend the Pakistan Hotels and Restaurants Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Pakistan Hotels and Restaurants (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No. 7, Senator Mohammad Humayun Mohmand, Chairman, Standing Committee on Parliamentary Affairs, may move Order No. 7.

**Presentation of report of the Standing Committee on Parliamentary Affairs on [The Elections (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Mohammad Humayun Mohmand: I, Senator Dr. Mohammad Humayun Mohmand, Chairman, Standing Committee on Parliamentary Affairs, present report of the Committee on a Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Amendment) Bill, 2026], introduced by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur on 19th January, 2026.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No. 8, Senator Sarmad Ali, may move Order No. 8.

**Presentation of report of the Standing Committee on Information and Broadcasting on [The Motion Pictures (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, on behalf of Senator Sarmad Ali, Chairman, Standing Committee on Information and Broadcasting, present report of the Committee on a Bill further to amend the Motion Pictures Ordinance, 1979 [The Motion Pictures (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No. 9, Senator Syed Masroor Ahsan, Chairman, Standing Committee on National Food Security and Research, may move Order No. 9. Senator Zamir Hussain Ghumro, on behalf of Senator Syed Masroor Ahsan.

**Presentation of report of the Standing Committee on National Food Security and Research regarding the Annual Report of the Committee for the year 2025-2026**

Senator Zamir Hussain Ghumro: I, on behalf of Senator Syed Masroor Ahsan, Chairman, Standing Committee on National Food Security and Research, present the Annual Report of the Committee for the year 2025-2026.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No. 10, Senator Mohammad Humayun Mohmand, Chairman, Standing Committee on Parliamentary Affairs, may move Order No. 10.

**Presentation of report of the Standing Committee on Parliamentary Affairs on the Public Sector Development Program (PSDP), proposed by the Ministry of Parliamentary Affairs for the Financial Year 2026-27**

Senator Mohammad Humayun Mohmand: I, Senator Dr. Mohammad Humayun Mohmand, Chairman, Standing Committee on Parliamentary Affairs, present report of the Committee on the Public Sector Development Program (PSDP), proposed by the Ministry of Parliamentary Affairs for the Financial Year 2026-27, in terms of sub-rule (7) of Rule 166 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No. 11, Ordinance to be laid before the Senate, Khawaja Muhammad Asif Sahib, Minister for Defence, may move Order No. 11.

مولانا صاحب! تشریف رکھیں۔ اس کے بعد لے لیتے ہیں۔ ان کے behalf پر کون پیش کرے گا؟ جی، طارق صاحب۔

**Laying of Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) (Repeal) Ordinance, 2026 (Ordinance No. III of 2026)**

Dr. Tariq Fazal Chaudhary (Minister for Parliamentary Affairs): Thank you very much. I, on behalf of Khawaja Muhammad Asif, Minister for Defence, hereby beg to lay before the Senate the Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) (Repeal) Ordinance, 2026 (Ordinance No. III of 2026), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Presiding Officer: Ordinance stands laid. It is laid first in the Senate, therefore, in terms of the Paragraph (b) of the Clause 3, Article 89, of the Constitution, it will be treated as a Bill introduced in the Senate. Accordingly, the Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 12, Mr. Aurangzeb Khan Khichi, Minister for National Heritage and Culture, may move Order No. 12.

مولانا صاحب! دو تین منٹ کی بات ہے۔

**Introduction of [The National Fund for Culture Heritage (Amendment) Bill, 2026]**

Mr. Aurangzeb Khan Khichi (Minister for National Heritage and Culture): I, Aurangzeb Khan Khichi, Minister for National Heritage and Culture, move that the Bill further to amend the National Fund for Culture Heritage Act, 1994 [The National Fund for Culture Heritage (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

*(Interruption)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یار بات کرنے دیتے۔ دو تین points رہ گئے ہیں۔ Is it opposed? House کا sense لے لیتے ہیں، اگر House کہتا ہے۔

سینیٹر سید علی ظفر: Sense کی بات نہیں ہے۔ رولز میں لکھا ہوا ہے، میں آپ کو پڑھ دیتا ہوں۔ آپ رولز کے مطابق چلیں۔ اس میں ادہر ادہر نہ جائیں۔ حکومتی خواہشات پر نہ چلیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! House کا sense لے لیتے ہیں یا Committee کو refer کر دیں۔ بتائیں۔

جناب اورنگزیب خان کچھی: اس میں وفاقی حکومت کی جگہ ڈویژن کا ذکر ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! دو منٹ میں تھوڑا سا explain کر دیں۔ یہ بل قومی اسمبلی سے پاس ہو کر آیا ہے۔ تھوڑی وضاحت کر دیں، اگر لوگوں کو سمجھ آ جائے تو پاس کر دیں، نہیں تو پھر کمیٹی کو بھیجیں۔ جی، سینیٹر سید علی ظفر صاحب۔

Senator Syed Ali Zafar: And if any member moves an amendment that the bill be referred to the Standing Committee, and if such motion is carried, then the bill shall stand referred to the Standing Committee and the Rules regarding bills originating in the Senate and referred to the Standing Committee shall then apply.

تو وہی قواعد لاگو ہوں گے جو ہماری قائمہ کمیٹی کے ہیں۔ وہاں جو نیشنل اسمبلی میں جاتا ہے وہ بھی سیدھا ان کی کمیٹی کے پاس جاتا ہے۔ اسی طرح جو نیشنل اسمبلی سے آئے گا، پچھلی بار بھی فیصلہ یہی ہوا تھا جب ہم سب نے بحث کی تھی کہ یہ نہیں ہو سکتا کہ نیشنل اسمبلی کو ہم من مانی کر کے stamp کر دیں۔ This is the Upper House, we need to deliberate. تو اس کو آپ کمیٹی میں بھیج دیں۔ قطع نظر اس کے کہ حکومت کیا کہتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! اس کو کمیٹی کے پاس بھیج دیتے ہیں، ایک ہفتے کے لیے یا 15 دن کے لیے اور یہ اس کی رپورٹ دیں، within 15 days.

جناب اورنگزیب خان کچھی: جناب! اس میں بات صرف یہی تھی کہ جس میں Federal Government کی جگہ concerned division لکھا تھا۔ اتنی بڑی بات نہیں تھی، لیکن جیسے آپ کا حکم۔

Mr. Presiding Officer: O.K. Referred to the Committee to report back within 15 days. Yes, Khawaja Muhammad Asif Sahib, Minister for Defence, may move Order No. 14.

مولانا صاحب! دو Items رہ گئے ہیں، اس کے بعد آپ کو موقع دے رہا ہوں۔ مولانا صاحب! دو تین منٹ میں خون نہیں رک جائے گا۔

**Consideration and Passage of [The Carriage by Air (Amendment) Bill, 2026]**

Dr. Tariq Fazal Chaudhary (Minister for Parliamentary Affairs): Sir, on behalf of Khawaja Muhammad Asif, Minister for Defence, I, beg to move that the Bill to amend the Carriage by Air Act, 2012 [The Carriage by Air (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

*(Interruption)*

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: ایک بات ہم نے اپوزیشن کی مان لی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک بات Opposition کی مان لی ہے، ایک حکومت کی مان لیں۔ (جاری ہے-----T10)

T10-12May2026 Naeem Bhatti/ED; Shakeel 5:40 pm

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک بات Opposition کی مان لی ہے، ایک حکومت کی مان لیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب والا! یہ defence کا Bill ہے، اسے pass کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی House کا sense لے لیتے ہیں۔

Now I put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

*(Interruption)*

Mr. Presiding Officer: Second reading of the Bill. There is no amendment in Clauses 2 to 10. So I will put these clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 to 10 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 to 10 stand part of the Bill.

*(Interruption)*

Mr. Presiding Officer: We may now take up Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and the Title stand part of the Bill. Khawaja Muhammad Asif, Minister for Defence, may move Order No. 15. On his behalf Minister for Parliamentary Affairs.

Dr. Tariq Fazal Chaudhry: Sir, I on behalf of Minister for Defence move that the Bill to amend the Carriage by Air Act, 2012 [The Carriage by Air (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(Interruption)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں counting کروالیتے ہیں۔

I now put the motion to the House. Those who are in favour of the motion may rise on their seats.

*(Members rose up)*

Mr. Presiding Officer: Those who are against the motion may rise on their seats.

*(Members rose up)*

Mr. Presiding Officer: Twenty five members are in favour of the motion and nine members are against the motion.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is adopted and the Bill stands passed.

جی سینیٹر مولانا عطاء الرحمان صاحب! briefly بات کر لیں۔

**Point of public importance raised by Senator Atta Ur Rehman regarding the recent terrorists attacks in Khyber Pakhtunkhwa**

سینیٹر مولانا عطاء الرحمان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ میں تو حیران اس بات پر ہوں کہ ہمارا خون سفید کیوں ہو گیا ہے؟ ہمیں کیوں صوبہ خیبر پختونخوا کا احساس نہیں ہے، وہاں جو صورت حال بنی ہوئی ہے اور ہمیں یہاں اپنے Bills کی پڑی ہوئی ہے کہ ہم نے ہر صورت اپنے Bills pass کروانے ہیں۔ یہ ہماری سمجھ سے بالاتر ہے کہ Upper House of the Parliament بھی اس غیر سنجیدگی کا اظہار کرتا ہے تو پھر ہم آواز اٹھانے کے لیے کہاں جائیں۔؟

Mr. Presiding Officer: Order in the House, مولانا صاحب کی بات کو غور سے سنیں۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمان: جناب والا! وہ سنیں یا نہ سنیں، میں آپ کو سنانا چاہتا ہوں کہ ہمارا خون کیوں سفید ہو گیا ہے۔ ہمیں کیوں Bills کی پڑی ہوئی ہے، انسانی خون کیوں اتنا ارزاں ہو گیا ہے؟ آئے روز خیبر پختونخوا میں دہشت گردی ہو رہی ہے، کیا آپ نے ہمیں دہشت گردوں کے حوالے کر دیا ہے؟ ایک دن شیخ ادریس صاحب کا واقعہ ہوتا ہے، اس کے بعد بنوں کا واقعہ ہوتا ہے، آج لکی مروت میں واقعہ ہوتا ہے، جس میں کوئی دس، پندرہ لوگ شہید ہوئے ہیں۔ ہم وقت مانگ رہے ہیں، آپ ہمیں وقت نہیں دیتے، یہ خون سفید نہیں ہے تو کیا ہے؟ ہم کس کے پاس جا کر روئیں؟ اگر پارلیمنٹ میں بھی ہماری آواز نہیں سنی جائے گی، ہمارا احتجاج note نہیں کیا جائے گا، ہمیں وقت نہیں ملے گا، آپ بتائیں ہم کہاں جائیں، کس کے سامنے روئیں، کس کو کہیں کہ ہمارے ساتھ یہ ہو رہا ہے۔ اگر مرکز میں آپ کا یہ رویہ ہے تو اس کے معنی ہیں کہ آپ ملک کو توڑنے کی ابتدا کر چکے ہیں، آپ اس ملک کو توڑنا چاہتے ہیں، آپ اس ملک کو بکھیرنا چاہتے ہیں۔ ہم اس ملک کو توڑنا نہیں چاہتے، ہم اس ملک کا تحفظ چاہتے ہیں اور تحفظ اسی صورت میں ہو گا کہ آپ ایک رونے والے انسان کے آنسو پونچھیں۔ یہاں لوگوں کا خون بہہ رہا ہے اور آپ کو اپنے Bills کی پڑی ہوئی ہے کہ ہمیں اپنے Bills pass کروانے ہیں، آپ دو منٹ صبر کر لیں، ہم نے اپنا Bill pass کروانا ہے۔ پتا نہیں صوبہ خیبر پختونخوا کے ساتھ یہ کب تک چلے گا؟ ہم تو کہتے ہیں کہ یہ Upper House of the Parliament ایک علامت ہے، یہ کیسی علامت ہے، یہاں بھی ہمارے رونے کی آواز نہیں سنی جا رہی۔ آپ بتائیں کہ ہم پرسوں بھی روئے ہیں، کل بھی روئے ہیں، یہاں ہماری لاشوں پر لاشیں اٹھ رہی ہیں اور صورت حال یہ ہے کہ جب ہم بات کرتے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ آپ بیٹھ جائیں، ابھی وقت نہیں ہے، ابھی ہم نے Bills pass کروانے ہیں، یہ Bills اتنے اہم ہیں، اتنے ضروری ہیں کہ انسانوں کا خون بہتا رہے اور آپ لوگ یہاں Bills pass کرواتے رہیں۔ ہمیں پھر کوئی اور جگہ بتا دیں جہاں جا کر ہم روئیں۔ لہٰذا ہمارے رونے کا کچھ تو خیال کریں، ہمارے زخموں کا کچھ تو خیال کریں، ہمارے اوپر کچھ تو رحم کریں۔ آپ کیوں خیبر پختونخوا کو اس طرح لہو لہان دیکھنا چاہتے ہیں؟ یہ کسی ایک کے ساتھ نہیں ہو رہا، وہاں پولیس والے مرے ہیں۔ وہاں عام لوگ شہید ہوئے ہیں۔

(جاری ہے------T/11)

T11-12May2026 Rafaqat Waheed/Ed: Waqas 5:50 pm

سینیٹر عطاء الرحمان: (جاری) یہ کسی ایک کے ساتھ نہیں ہو رہا۔ وہاں پولیس والے مرے ہیں، وہاں عام لوگ شہید ہوئے ہیں، فورسز وہاں پر ناکام ہو رہی ہیں۔ ابھی بھی آپ لکی مروت کی رپورٹ منگوائیں، وہاں جو صورتحال ہے اس وقت نورنگ کے بازار میں خون کی ندیاں بہہ

رہی ہیں اور ہمیں یہاں پڑی ہوئی ہے کہ ہم نے اپنے بل پاس کرانے ہیں۔ یہ احساس کب آپ میں پیدا ہوگا؟ اگر ہم نے اس احساس کو پیدا نہیں کیا کہ بلوچستان کدھر جارہا ہے، خیبر پختونخوا کدھر جارہا ہے، وہاں کی صورتحال ایسی کیوں ہے، ہم بار بار کہہ چکے ہیں کہ از راہِ خدا! آپ مہربانی کریں اس پر ایک ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے تاکہ صورتحال واضح ہو۔ جمعیت علماء اسلام کی قیادت بار بار کہہ چکی ہے کہ ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے۔ نہیں بلا رہے۔ مرتے ہیں تو مریں۔ خیبر پختونخوا والے مر رہے ہیں، پنجاب میں تو کچھ نہیں ہورہا۔ اگر یہ صورتحال ہے، یعنی عجیب بات یہ ہے کہ لکی مروت سے بارڈر ہم cross کرتے ہیں پنجاب کی طرف، یہاں خیر خیریت ہے۔ نہ کہیں گاڑیاں رکتی ہیں، نہ کوئی پوچھتا ہے، نہ کوئی مسئلہ ہے، نہ کوئی دہشتگردی ہے۔ کچھ بھی نہیں ہے لیکن جونہی آپ بارڈر cross کرتے ہیں لکی مروت کی طرف، آپ کو روک دیا جاتا ہے، یہ وقت جانے کا نہیں ہے۔

ہم اپنے گھروں میں محصور ہو گئے ہیں۔ زندگی عصر کے وقت ٹھپ ہو جاتی ہے۔ کوئی پوچھنے والا نہیں ہے اور یہاں ہمارا خون اتنا سفید ہو گیا ہے کہ ہمیں اس کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے، ہم نے تو اپنے بل پاس کرانے ہیں۔ ہمیں تو اس خون کے بہنے کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ خیبر پختونخوا میں خون بہتا رہے، بلوچستان میں خون بہتا رہے۔ یہ تو آپ ابتدا کر رہے ہیں ملک توڑنے کی۔ آپ خیبر پختونخوا کے لوگوں کو احساس دلا رہے ہیں کہ ہمارے اندر آپ کے لیے کوئی جذبہ نہیں ہے۔ کل جب میں نے کچھ باتیں کیں تو یہاں سے ایک محترم نے اٹھ کر کہا نہیں، فوج نے تو یہ کیا، فوج نے تو وہ کیا۔ ہم نے کب کہا ہے کہ فوج نے نہیں کیا۔ ہم نے کب کہا ہے لیکن یہ بتائیں کہ ہمارا خون کیوں بہہ رہا ہے؟ ہمارا خون اتنا ارزاں کیوں ہو گیا ہے؟ اگر آپ لوگ جواب نہیں دیں گے تو ہم کہاں جا کر روئیں؟ کوئی اور فورم ہمیں بتادیں، کوئی اور جگہ ہمیں بتادیں۔ اگر آپ کو منع کیا گیا ہے کہ یہاں پر کبھی بھی آپ اپوزیشن کو توجہ نہ دیں، پھر ٹھیک ہے۔ اس طرح کی زبردستی کرکے آپ اپنے بل پاس کرواتے رہیں کہ کسی طرح ان کے بندے پورے ہو جائیں، اس کے بعد پھر گنتی کرالیں گے۔

یہ احساس ہمیں مت دلائیں کہ ہم خیبر پختونخوا والوں کا خون ارزاں ہو گیا ہے۔ اگر یہ احساس ہو گا تو پھر آج سے آپ نے اس ملک کو توڑنے کی بنیاد رکھ دی ہے اور ہم اس ملک کو توڑنا نہیں چاہتے۔ ہم اس ملک کو محفوظ دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہمیں یہاں کے اداروں کا بھی احساس ہے، ہمیں یہاں کی اسٹیبلشمنٹ کا بھی احساس ہے لیکن اسٹیبلشمنٹ کو اور اداروں کو بھی ہمارا احساس ہونا چاہیے۔ تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی۔ ہم نے

بہت قربانیاں دے لی ہیں۔ مزید ہم ان حالات کو برداشت کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ خدارا! ہمارے اوپر رحم فرمائیں، ہمارے بچوں پر رحم فرمائیں، ہماری خواتین پر رحم فرمائیں۔ آئے روز اگر آپ کا رویہ یہ ہوگا تو پھر آپ بتائیں کہ ہم اگر مایوس ہو کر وہاں اس قوم کے پاس جائیں گے، ہم ان کو کیا کہیں گے۔ آپ ٹس سے مس نہیں ہوتے بھلے حالات خراب ہوں خیبر پختونخوا میں، بھلے حالات خراب ہوں بلوچستان میں۔

ہمارا صوبہ دہشت گردوں کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ وہاں صوبائی حکومت کی کوئی رٹ موجود نہیں ہے۔ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب اس وقت بھی یہاں اسلام آباد میں سیر سپاٹے پر آئے ہوئے ہیں۔ ان کو اپنے صوبے کی کوئی فکر نہیں ہے۔ ان کو ان حالات سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ آئے روز وہاں پر جو کچھ ہو رہا ہے علما کے ساتھ ہو رہا ہے اور مذہبی طبقے کے ساتھ ہو رہا ہے۔ آپ ہمیں دیوار کے ساتھ کیوں لگانا چاہتے ہیں؟ آپ ہمارا احساس کیوں نہیں کرتے؟ آخر بتائیں، ہم کہاں جا کر روئیں، کس کے سامنے روئیں؟ اگر پارلیمنٹ میں بھی ہمیں نہیں سنا جاتا، پارلیمنٹ میں بھی آپ ہمیں ٹائم نہیں دیتے، پارلیمنٹ میں بھی آپ ہمیں بات نہیں کرنے دیتے تو آپ بتائیں، ہم کدھر جائیں؟

میں آپ حضرات سے دست بستہ گزارش کرتا ہوں، خدارا! خیبر پختونخوا، بلوچستان اور مظلوم قوموں پر رحم کریں۔ آپ اس ملک کو توڑنے نہ جائیں۔ یہ ملک ٹوٹنے جا رہا ہے۔ اگر یہی حالات رہے تو ہم کل شاید ایک دوسرے کے پاسپورٹ کا انتظار کریں۔ جزاک اللہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ میں سب سے پہلے تو انتہائی احترام سے عطاء الرحمان صاحب کو یہ request کرنا چاہتا ہوں کہ دس منٹ بعد تقریر کرنے سے خدانخواستہ، خیبر پختونخوا میں دہشتگردی نہیں ہو گی۔ اس سے کسی کا حق نہیں مارا گیا۔ آپ کو دس منٹ بعد موقع دے دیا ہے، آپ روز تقریر کر رہے ہیں، روز آپ کو موقع مل رہا ہے، روز آپ front seat پر بیٹھتے ہیں، جب بھی اجلاس ہوتا ہے۔ جب میں آیا ہوں، ٹوٹل دس یا پندرہ منٹ میں جو ایجنڈا تھا، میں نے وہ مکمل کیا۔ اس کے بعد آپ کو موقع دیا۔ آپ اس چیز کو اتنا بڑا issue بنا رہے ہیں کہ دس منٹ بعد موقع ملا ہے۔ خیبر پختونخوا کے حالات دس منٹ میں ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ منسٹر صاحب پلیز۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Federal Minister for Parliamentary Affairs**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ مولانا صاحب نے جس واقعے کا ذکر کیا ہے میں نہیں سمجھتا کہ کوئی ایک جماعت یا کوئی ایک فرد اس واقعے کے حوالے سے جو اس ایوان میں موجود ہے، اس کے دل میں پاکستانیوں کے لیے، خیبر پختونخوا کے شہدا کے لیے زیادہ تکلیف اور درد ہے اور باقی کوئی کم درد اور تکلیف محسوس کرتے ہیں۔ یہ بات بالکل واضح ہونی چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ یہاں پہ تاثر یہ دیا گیا کہ شاید ان سارے واقعات کے پیچھے اس ایوان کا قصور ہے یا یہ ذمہ دار ہے، یہاں بات نہیں سنی جارہی، یہاں کسی کو بولنے نہیں دیا جارہا حالانکہ جو انتہائی بزدلانہ قابل مذمت دہشتگردی کے واقعات ابھی پچھلے دنوں میں ہوئے ہیں، ہر واقعے کے اوپر individually یہاں پہ بات بھی ہوئی ہے، سیر حاصل بات ہوئی ہے، تمام پارٹی کے لوگوں نے اس کے اوپر بڑی تفصیل سے بات کی ہے۔ جہاں تک فوج کا تعلق ہے جس کا ذکر کل بھی کیا گیا، میں نے بھی کیا، سینیٹر عابد شیر علی صاحب بیٹھے ہیں، انہوں نے کیا۔ ہم صرف یہ بتا رہے تھے ایوان کو اور پوری قوم یہ جانتی ہے کہ وہاں دہشتگردی کے خلاف، مسلح افواج، ہماری law enforcing agencies, Police, intelligence agencies مل کے انتہائی جرأت اور بہادری کے ساتھ ان بزدل دشمنوں کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ وہ اپنی جان کے نذرانے بھی دے رہے ہیں۔ آپ کو یاد ہے کہ متعدد دفعہ فوج کی چوکیوں کے اوپر حملے ہوئے۔ ان کے کاروان پر حملے ہوئے۔ دو اسسٹنٹ کمشنرز، میں نے تصویریں دیکھیں، خوبصورت ترین نوجوان، دونوں بہترین ساتھی ایک ہی دور میں کہیں وہ pass out ہوئے۔ وہ دونوں شہید ہوئے، ایک بنوں میں اور ایک شاید لکی مروت میں۔ میں پچھلے چند ماہ کی بات آپ کو بتا رہا ہوں۔

یہ تمام واقعات جن کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں، آپ کو پتا ہے کہ ان کے لیے ہی intelligence based strikes and operations مسلح افواج نے افغانستان کی سرحد پر شروع کیے۔ ان واقعات میں بہت زیادہ کمی واقع ہوئی لیکن یہ جو واقعات، بنوں میں اور لکی مروت میں یہ جو پولیس کے جوانوں کے اوپر حملے ہوئے ہیں، یہ انہیں soft target سمجھتے ہوئے کیے گئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسا بزدل دشمن ہے جو soft target کے اوپر حملہ کرتا ہے۔ جناب چیئرمین! اس پر پوری قوم متحد ہے۔ پوری قوم اس کا مقابلہ کرے گی۔ اس سے پہلے جس طرح ہم نے بنیان المرصوص میں مقابلہ کیا، مسلح افواج، ہمارے جو فیلڈ مارشل ہیں سید عاصم منیر، ہمارے پرائم منسٹر جناب شہباز شریف کی commitment ہے کہ ہم نے پاکستان کا دفاع کرنا ہے اور ہر صورت میں کرنا ہے۔

دوسری بات، میں بڑے ادب سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں، یہاں پر ایک تاثر دیا گیا کہ دہشت گردی کا کسی ایک صوبے سے تعلق ہے اور کسی ایک صوبے کو اس کے حوالے کر دیا گیا اور پنجاب میں امن ہی امن ہے۔ (T12 پر جاری ہے)

T12-12May2026 Abdul Razique/Ed: Shakeel 06:00 p.m.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (۔۔۔جاری) اور پنجاب میں امن ہی امن ہے۔ راجہ عباس صاحب تشریف فرما ہیں۔ میں اور راجہ صاحب اکٹھے ترلائی مسجد گئے۔ میں آپ کو ترلائی کی بات بتا رہا ہوں جو میرا حلقہ اور علاقہ ہے اور میرے گھر کا اس سے ایک کلومیٹر کا فاصلہ ہے۔ Official figures یہ ہیں کہ وہاں مسجد خدیجۃ الکبریٰ میں خود کش حملے کے نتیجے میں 40 سے زیادہ افراد شہید ہوتے ہیں۔ کیا وہ KP کا علاقہ ہے؟ یہاں ہمارے جو District Courts ہیں، وہاں پر حملہ ہوتا ہے اور وکلاء سمیت 15 لوگ شہید ہوتے ہیں۔ یہ ہمارے G-11 میں ہے۔ یہ چند ہفتے کی بات ہے۔ کیا وہ انسان نہیں ہیں؟ کیا وہ علاقہ KP ہے؟ یہاں پر یہ تاثر کیوں دیا جا رہا ہے کہ بس ایک صوبہ ہی دہشت گردی کا شکار ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ لوگ تشریف رکھیں۔ سب کو وقت ملے گا۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب، پاکستان کی عوام اس کی وحدت اور عظمت کا علمبردار ہے۔ پاکستان قائم رہے گا ان شاءاللہ تعالیٰ۔ پاکستان نہ ٹوٹے گا اور نہ ہی پاکستان کے خلاف جو سازشیں کر رہے ہیں، وہ کامیاب ہوں گی ان شاءاللہ تعالیٰ۔ اس ملک نے رہنا ہے اور عزت اور احترام سے رہنا ہے، عظمت سے رہنا ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ اور ہم سب نے مل کر اس کے خلاف سازشوں کا مقابلہ کرنا ہے، بہت شکریہ۔

## **FATEHA**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بس یہ دو، تین agenda items رہتے ہیں۔ انہیں لے لیں پھر اس کے بعد سارے باری، باری بات کریں۔ سینئر صاحبان کہہ رہے ہیں کہ پہلے شہداء کے لیے دعا کریں۔ علامہ ناصر عباس صاحب، دعا کرائیں۔

(اس موقع پر شہداء کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی)

Mr. Presiding Officer: We, now, move on to Order. No. 16. Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, please move Order. No. 16.

**Withdrawal of [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2025]**

Dr. Tariq Fazal Chaudary: I, Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, seek leave of the House under Rule 115 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 to withdraw the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2025] as introduced in the Senate on 24th January, 2025.

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Leave to withdraw the Bill is granted. We, now, move on to Order. No. 17. Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, please move Order. No. 17.

Dr. Tariq Fazal Chaudary: I, Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, withdraw the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2025].

Mr. Presiding Officer: The Bill stands withdrawn. We, now, move on to Order. No. 18 which relates to the discussion on a Motion of Thanks to the President's Address to both the Houses assembled together on 2nd March, 2026. Before commencing speeches on this, we proceed to Order. No. 19. It is a Calling

Attention Notice in the name of Senator Dost Muhammad Khan. Please raise the matter.

**<u>Calling Attention Notice raised by Senator Dost Muhammad Khan regarding non-disbursement of rehabilitation/compensation fund for the displaced residents of South Waziristan during security operations in 2008-09</u>**

Senator Dost Muhammad Khan: Thank you. I, draw attention of the Minister for Interior and Narcotics Control towards the non-disbursement of rehabilitation/compensation fund for the displaced residents of South Waziristan who lost their homes and livelihoods during different security operations carried out in the area during the years 2008 and 2009.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بات کریں۔

سینیٹر دوست محمد خان: جناب، میں مختصر بات کرنا چاہتا ہوں کہ 2004 میں جب Tribal Areas میں operations شروع ہوئے اور خاص طور پر South Waziristan پہلا ٹارگٹ بنا تو ہم نے پرویز مشرف سے کہا کہ خدا کے واسطے ہم یہ معاملے جرگے کے ذریعے حل کریں گے لیکن امریکہ نے اسے چابی دی ہوئی تھی اور اس نے کہا کہ ان کے خلاف آپریشن کریں۔ ان operations کے نتیجے میں ہمارے 80 ہزار لوگ اور 12 ہزار سیکیورٹی فورسز کے لوگ شہید ہوئے اور کوئی 15 یا 20 ہزار زخمی ہوئے۔ دن، رات بمباری ہورہی تھی اور ہم نے اپنے گھر خالی کر کے چھوڑ دیے تھے اور وہ گھر تباہ ہوئے۔ 2017 میں ہمیں حکومت نے کہا کہ اب ہم نے operation complete کر لیا ہے اور آپ اپنے گھروں کو جائیں۔ ہم نے کہا کہ ہمارے گھر ہیں کدھر! نہ گھر ہے، نہ کھیت ہے، نہ مارکیٹ ہیں، نہ ندی ہیں اور نہ نالے، کچھ بھی نہیں ہے تو ہم کدھر جائیں۔ تو اس وقت حکومت نے ہمارے ساتھ یہ وعدہ کیا کہ ہم پہلے سروے کریں گے اور اس کے بعد فی گھر ساڑھے چار لاکھ روپے دیں گے۔ اس میں سے آدھے پیسے لوگوں کو ملے۔ ورلڈ بینک نے انہیں ڈالر میں پیسے دیے۔ آدھے پیسے انہیں دے دیے اور باقی آدھے فنانس والوں نے کھا لیے۔ وہ لوگ ابھی بھی مشکلات کا شکار ہیں۔ دہشت گردی کیوں نہیں بڑھے گی، ضرور بڑھے گی۔ آپ تاریخ میں جائیں۔ یہی شہباز شریف تھا کہ جب لاہور میں کچھ خودکش حملے ہوئے تو انہوں نے

ایک تقریر میں کہا تھا کہ طالبان بھائیوں، خدا کے واسطے ادھر خودکش حملے مت کرو بلکہ ادھر،ادھر کرو یعنی بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں کرو۔ مولانا عطاء الرحمان صاحب کواتنا پتا نہیں ہے کیونکہ وہ settled area سے ہیں اور میں tribal area سے ہوں۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ خدا کی قسم وہاں ایسی شدید جنگ ہو رہی ہے کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتا۔ میں اس لیے یہ مسئلہ ایوان میں لانا چاہتا ہوں کہ آپ اسرائیل اورامریکہ کے گود میں تو بیٹھ سکتے ہیں اور ان کے فیصلے کر سکتے ہیں تو خدا کے واسطے اس مسئلے میں آپ کیوں Russia, China and Afghanistan کو involve نہیں کرنا چاہتے۔ مصیبت یہ ہے کہ جب خیبر پختونخوایا بلوچستان میں کوئی دہشت گردی ہو رہی ہے تو ادھران کو ڈالر کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لیے یہ ڈالر ادھر رکھ لیتے ہیں اورادھر ہمارا خون خرابہ کر دیتے ہیں توآپ کی مہربانی ہوگی کہ اگر یہ ایوان اسے دیکھ لے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پہلے منسٹر صاحب آپ کو اس کا جواب دیں گے۔ اس کے بعد ہم اگلا Calling Attention Notice لیں گے پھر سواتی صاحب کا مائیک جو بار، بار blink کر رہاہے،انہیں بھی وقت دیں گے تاکہ ان کی قیمتی باتیں سنیں۔ اچھا بات کریں۔

سینیٹر دوست محمد خان: مجھ سے Law Minister نے وعدہ کیا تھا کہ میں شہباز شریف صاحب سے آپ کا یہ compensation دو ہفتے میں کروادوں گا۔ ابھی دو ہفتے نہیں بلکہ کوئی دو ہزار دن ہوگئے ہیں۔ لوگوں میں نفرت کیسی نہیں بڑھے گی؟ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ خدارا، پاکستان پر رحم کریں، پشتونوں اور بلوچوں پر رحم کریں۔ یہ آپ سے جانے والے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دوست محمد صاحب ابھی آپ تشریف رکھیں۔ آپ کی بات بہت اہم ہےاور ہم نے بہت غور سے سنی۔ اب منسٹر صاحب اس کا جواب دیں گے۔ جی وزیر برائے داخلہ۔

**Senator Muhammad Tallal Badar (M/o State for Interior and Narcotics Control)**

سینیٹر محمد طلال بدر (وزیر مملکت برائے داخلہ و انسداد منشیات): بہت شکریہ، جناب! اس میں کوئی شک نہیں کہ دہشت گردی نے پاکستان میں ہمارابہت جانی اور مالی نقصان کیا ہےاور یہ بھی کوئی شک نہیں کہ KP and Balochistan as frontline areas کے وہاں پر نقصان بہت ہوا ہے۔ گاہے بگاہے یہاں پر operations کے فیصلے بھی صوبائی قیادت کو on board لے کر ہوتے رہے ہیں

لیکن اس میں جو بھی funds distribution ہوئی ہے، میں اپنے فاضل سینیٹر کو صرف یہ بتا دوں کہ وہ ساری کی ساری صوبے کے ذریعے ہوئی ہے۔ خدانخواستہ اگر پیسے کوئی کھائے گئے ہیں یا کوئی اور چیز ہے کیونکہ اس میں Interior Ministry کا جو role تھا، وہ یہ تھا کہ funds distribution کے لیے NADRA لوگوں کو identify کرتا تاکہ ان کے banks accounts میں پیسے بھیجے جاتے۔ اس کے علاوہ logistics کے حوالے سے ہم اس میں ضرور role play کرتے رہے ہیں۔ اس کی exact amount کہ کتنی pay کی گئی ہے، کل رات سے ہم نے کوشش کی ہے کہ KP حکومت سے اس کی تمام تفصیلات لیں لیکن ابھی تک وہ تفصیلات ہمیں نہیں ملی ہیں۔ اگر فاضل سینیٹر کچھ وقت اور دیں تو تمام تفصیلات۔۔۔۔۔ (جاری T13)

T13-12-05-2026 Babar:Ed/Waqas Khan 6:10PM

سینیٹر محمد طلال بدر: (جاری۔۔) کے پی حکومت سے اس کی تمام تفصیلات لیں، لیکن ابھی تک ہمیں نہیں ملی۔ اگر فاضل سینٹر کچھ time اور دیں تو تمام تفصیلات Federal Government فراہم کر دے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: how did you differentiate? دوست محمد خان صاحب، تشریف رکھیں۔ آپ خود اس وقت، میرے خیال میں، commissioner تھے۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب، گزارش یہ ہے کہ سارے پیسوں کی distribution صوبے سے مل کر ہوتی ہے۔ ابھی recently ایک displacement ہوئی ہے، جس میں ایک بہت بڑا scandal بھی آیا تھا کہ چار ارب صوبائی حکومت نے رکھے تھے، جو کہ distribution کے دوران آگے پیچھے ہوئے ہیں۔ تو میں کسی پر الزام لگائے بغیر، میں نے صرف ہاؤس سے یہ، استدعا کی ہے کہ مجھے تفصیلات صوبے سے آج، ابھی ایک گھنٹہ پہلے تک بھی نہیں ملی۔ میں نے دوبارہ خود بات کرکے، ہاؤس کے سامنے تمام تفصیلات، کہ کیا وعدہ کیا گیا تھا، کتنے پیسے وفاق نے contribute کیا ہے، کتنے distribute ہوئے، کتنے رہتے ہیں، پیش کر دوں گا۔ صرف ایک تھوڑا موقع دیا جائے، کیونکہ صوبے سے تفصیلات نہیں آئیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، thank you very much. The calling attention notice is disposed of۔ وقت لیا ہے تو وہ اس کا دوبارہ point اٹھائیں گے، جس کا جواب یہ دے دیں گے۔ ایجنڈا نمبر 20 ہے۔ سینیٹر عابد شیر علی صاحب، to draw attention of Minister of Communications، عابد شیر علی صاحب۔

## Calling attention notice raised by Senator Abid Sher Ali regarding the massive cracks on different of parts Pindi Bhattian–Faisalabad Motorway section which needs immediate repair and maintenance.

**Senator Abid Sher Ali**

Senator Abid Sher Ali: Thank you. I draw attention of the Minister for Communication, towards the massive cracks on different parts of Pindi Bhattian–Faisalabad Motorway section which needs immediate repair and maintenance.

میں اس ہاؤس کی توجہ چاہوں گا۔ فیصل آباد- پنڈی بھٹیاں موٹروے، جو بڑی important ہے۔ یہ بڑی اہم قومی شہراہ ہے جو فیصل آباد، لاہور، اسلام آباد، ملتان اور سندھ کو connect کرتا ہے۔ جناب چیئرمین! فیصل آباد ایک industrial شہر ہے، اور وہاں پہ سائیں والا انٹر چینج کے اوپر ہماری industrial state بھی ہے۔ بہت سارے Chinese اور دوسرے ممالک سے لوگ وہاں پر اپنا business کرنے آتے ہیں، اور بہت بڑا import کا حصہ بھی ہے فیصل آباد کا۔ لیکن وہ جناب چیئرمین، سڑک انتہائی خستہ حالت میں ہے۔ میاں محمد نواز شریف صاحب جب وزیراعظم تھے، انہوں نے three lane motorway approve کی تھی، لیکن بدقسمتی کے ساتھ جنرل مشرف آئے، انہوں نے اسے two lane کر دیا۔ لیکن پچھلے چار پانچ مہینے سے، جناب چیئرمین، میں آپ سے گزارش کروں گا کہ آپ خود بھی سفر کر کے دیکھ لیں۔ میں کل بذات خود وہاں حادثے سے بچا۔ وہاں ایک دم ہی اتنے بڑے کھڈے آ جاتے ہیں۔ موٹروے ہے، قومی شہراہ ہے، اور وہاں پر ہم 1600 روپیہ دے کر motorway to motorway پر سفر کرتے ہیں، ٹیکس دیتے ہیں۔ اس لیے ٹیکس نہیں دیتے کہ یہ لوگ ہماری جان و مال کا تحفظ نہ کر سکیں۔ وہاں پر جناب چیئرمین، گاڑی آتی ہے، آگے ساری سڑک ٹوٹی ہوتی ہے، سیکنڈ کٹ میں، ہماری کوچ آئی، اور ہماری گاڑی ٹکراتے ٹکراتے بچی۔ تو لاکھوں جانیں at stake ہیں۔ میں honorable Minister سے پوچھنا چاہوں گا کہ یہ اتنی اہم

سڑک، جو link کرتی ہے South Punjab کو central Punjab سے، اس میں اتنی تاخیر کیوں؟ باقی پورے ملک کے اندر سڑکیں بنتی ہیں، پورے ملک کے اندر کام ہو رہا ہے، فیصل آباد کو ignore کیوں کیا جا رہا ہے؟

میں آپ کے توسط سے Minister concerned سے پوچھنا چاہوں گا کہ اس کی repair and maintenance کا کام، اور اس road کو three lanes ہونا چاہیے۔ یہ بہت dangerous road ہے، اور یہ کراچی تک جاتی ہے۔ تو میری آپ سے درخواست، چیئرمین صاحب کے توسط سے، Minister صاحب بتائیں کہ اس پر کب کام شروع ہوگا، تاکہ لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، جی منسٹر صاحب۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhary**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بہت شکریہ۔ میرے معزز سینیٹر نے جس مسئلے کی طرف ایوان کی توجہ مبذول کرائی ہے، یقیناً یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے۔ جناب چیئرمین، یہ 53 کلومیٹر کی روڈ ہے، یہ موٹروے ہے، اور یہ پنڈی بھٹیاں سے فیصل آباد تک جاتی ہے، اور اسے "اولڈ ایم 3" کہا جاتا ہے، اور یہ 2003 میں مکمل ہوتی ہے اور ٹریفک کے لیے کھولی جاتی ہے۔، پہلے یہ صرف فیصل آباد تک تھی، لیکن جب فیصل آباد سے آگے ملتان اور ملتان سے سکھر تک موٹروے بنی، اور اللہ کے فضل سے یہ اعزاز ہمیشہ میاں نواز شریف صاحب اور later on شہباز شریف صاحب کو حاصل رہا ہے، اور PML-N کی حکومتوں کو، کہ انہوں نے پاکستان میں موٹرویز بنائیں، جو آج پورے ملک میں نقل و حرکت میں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔

توجب further ملتان اور ملتان سے آگے حیدرآباد، آگے سکھر تک بنی، تو اب اس کے اوپر traffic مزید زیادہ ہو گئی ہے، اور لوڈ کی وجہ سے اس کی حالت اور خرابی کی جو صورتحال honourable سینیٹر نے بتائی ہے، وہ بالکل صحیح ہے۔ لیکن میں مختصراً یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کی rehabilitation کے حوالے سے جو اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، وہ کیا ہیں۔ مجھے جب Ministry concerned

کے تمام officials نے آ کر briefing دی، تو اس میں انہوں نے یہ بتایا کہ کیا کیا اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اور اب میں مشکور ہوں کہ جو ہمارے political advisor ہیں Prime Minister صاحب کے، رانا ثنا اللہ خان، جن کا تعلق فیصل آباد سے ہے، انہوں نے مجھے ابھی تھوڑی دیر پہلے، جب میں ایوان میں آ رہا تھا، بتایا کہ Prime Minister صاحب سے بات کر کے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: National Highway کا کوئی آفیسر موجود ہے یہاں؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: تمام آفیسرز کو یہ ہدایت ہوتی ہے کہ جب تک یہ پورا business concerned Ministry، کا dispose of نہیں ہوتا they have to sit in the gallery، میں عرض کر رہا تھا کہ رانا ثنا اللہ خان صاحب نے مجھے بتایا ہے کہ Prime Minister صاحب سے جو بات ہوئی، اور اس کے اوپر جن خدشات کا اظہار کیا گیا، تو Prime Minister صاحب نے اس پر direction دے دی ہیں Ministry of Communication کو۔ اور جو concern سینیٹر صاحب کا ہے، وہ address ہو چکا ہے۔ اس کے اوپر already فیصلہ ہو چکا ہے کہ اس کی rehabilitation ، plus اس کی جو four lane ہے، اس کو six lane کرنے کے احکامات بھی Prime Minister of Pakistan نے دے دیے ہیں، اور انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آپ کو اس کے اوپر کام شروع ہوتا ہوا نظر آئے گا۔

یہ rehabilitation سب سے پہلے ہو گی، اور اس کی جو ایک ایک lane کی addition ہے، اس کے اوپر feasibility studies اور PC-1 وغیرہ کی formation اس وقت in process ہے، وہ بھی شروع ہو چکی ہے۔ اور یہ ہماری government کا اور Prime Minister صاحب کا بڑا main focus ہے، اور اس پر خصوصی توجہ ہے۔ thank you ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رولز کے مطابق صرف mover نے بولنا ہوتا ہے، لیکن آپ کو ایک دو منٹ کے لیے، فیصل آباد سے ہونے کی وجہ سے، یہ اجازت ہے۔ جی خلیل طاہر سندھو صاحب۔

**Senator Khalil Tahir**

سینیٹر خلیل طاہر: بات تو سن لیں، اس میں صرف تھوڑی سی وضاحت یہ ہے کہ پاکستان کی جتنی motorways ہیں، وہ میاں محمد نواز شریف صاحب نے بنائی ہیں، لیکن یہ والی motorway ، جس کی بات عابد شیر علی صاحب نے کی ہے، یہ میاں محمد نواز شریف صاحب نے نہیں بنائی تھی۔ PML(N) کی حکومت نہیں تھی اس وقت، یہ کسی اور نے بنائی، جس کا نام نہیں لینا چاہتا، ، میں مشرف کا نام لے سکتا ہوں، اس کا نام لے لیں جنہوں نے یہ بنوائی تھی۔ تو انہوں نے اس کو تین road ، تین ادھر تھیں، تین لین ادھر تھیں۔ پچھلی government نے ایک کام کیا کہ وہاں پر نیا toll plaza بنا دیا ہے، وہ بھی سارا ٹوٹا ہوا، اور وہاں پہ انہوں نے بھتہ لیتے رہے وہاں سے بھی، اس لیے لازمی اس کو ٹھیک کر دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تو آپ کا road six lane ہو رہا ہے۔

سینیٹر خلیل طاہر: یہ بات کہنا چاہ رہا ہوں، یہ جو خراب road بنا ہے، یہ میاں نواز شریف صاحب نے نہیں بنایا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا، چلیں جی، تشریف رکھیں۔ calling attention notice is disposed of، آپ کو سارا جواب دیا ہے۔ ابھی اعظم سواتی صاحب، آپ کے بڑے بھی ہیں، senior بھی ہیں، بڑی دیر سے کھڑے ہیں اعظم صاحب کے بعد پھر آپ بات کر لیں۔ اعظم صاحب بات کر لیں، پھر Minister صاحب۔ Minister صاحب نے gracefully آپ کو اپنی turn دی ہے۔

## Point raised by Senator Muhammad Azam Khan Swati regarding the prevailing political environment in the country

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: بہت شکریہ، چیئرمین صاحب۔ اس ایوان میں، بحیثیت سینیٹر اور پاکستانی شہری کی حیثیت سے، 22 سے 23 سال گزرے۔ اس ایوان اور پاکستان، ہمارے پیارے ملک پاکستان کے عروج کو بھی دیکھا اور زوال کو بھی، دونوں sides سے محبتوں کو بھی اور

نفرتوں کے سایوں کو بھی دیکھا۔ لیکن آج، چیئرمین صاحب، میں اپنی قوم کو بتانا چاہتا ہوں کہ ملک جس track پہ چل رہا ہے، ہمارے معاشی، معاشرتی، اور خاص کر دہشت گردی سے متعلق۔۔۔۔۔ (جاری۔۔۔T14)

T14-12May2026 Taj/Ed: Waqas Khan 06:20 p.m.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: (۔۔۔جاری) ہمارے معاشی، معاشرتی اور خاص کر دہشت گردی سے متعلق جو حالات ہیں، ہم اپنے اس ملک کو ان حالات کے سپرد نہیں کر سکتے۔ میرے پاس بلکہ اس ایوان کے ہر فرد کے پاس اس کا حل بھی موجود ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ طاقتور حلقے اس ملک کو یکجا کرنے میں، اس ملک کو اتفاق کی طرف لے کر جانے میں معاونت کریں۔ جناب چیئرمین! جہاں آج ہمارے ریاستی ادارے اور اس سے متعلق ہماری افواج، اس سے متعلق ہماری سیکورٹی ایجنسیاں اور خاص کر ہماری infantry خیبر پختونخوا کی پولیس جو قربانیاں دے رہی ہیں، میں ان سب کو سلام پیش کرتا ہوں کیونکہ یہ میرے ملک کی بقا کے لیے ہے لیکن پھر میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آخر نہ تو ہمارے معاشی حالات بہتر ہو رہے ہیں، نہ ہمارے معاشرتی حالات بہتر ہو رہے ہیں اور نہ اس دہشت گردی سے ہماری جان چھوٹ رہی ہے اور یہ بھی بتاتا چلوں اس قوم کو کہ افغانستان کے سنگم میں ہمارے اس ملک کا سب سے بڑا دشمن مودی اور نیتن یاہو اس ملک کی تباہی کے ضامن بن کر آئے ہیں۔ ہمیں آنکھیں کھولنی چاہئیں، وقت تیزی سے گزر رہا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ پھر ہمیں بھی بہت سارے عرب ممالک کی طرح پچھتاوا کرنا پڑے۔

جناب چیئرمین! یہ ملک صرف ایک زمین کا ٹکڑا نہیں ہے۔ یہ 25 کروڑ لوگوں کی امید ہے، ان کے بچوں کی امید ہے اور دیکھ لیں کشمیری اور فلسطینی اپنے ملک کے لیے، اس کی آزادی کے لیے کتنی بڑی قربانی دے رہے ہیں۔ اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ ریاستی اداروں کو جب عوامی تائید نہیں حاصل ہوگی، جب عوامی مینڈیٹ کا بھرم نہیں رکھا جائے گا، اس کو اپنے پاؤں کے نیچے روندا جائے گا تو ملک کبھی نہیں چل سکتا۔ ملک اسی کسمپرسی کی حالت میں خدانخواستہ، جس طرح مولانا عطاء الرحمٰن نے کہا کہ ملک کہیں ٹوٹ کا شکار نہ ہو جائے۔ جناب چیئرمین! نفرتوں سے، انتقام سے ملک نہیں چلتے۔ مصلحت اس بات میں ہے کہ اس وقت ملک کا سب سے بڑا لیڈر، اس کی اہلیہ، کوٹ لکھپت میں، اس کے چاہنے والے، اس ملک کے چاہنے والے ان اسیروں کو دیکھا جائے، ان کے دکھوں کا مداوا کیا جائے، ان کو عزت دی جائے اور ان نفرتوں کو محبتوں میں، جس طرح میں نے کہا تھا، جب تک آپ تبدیل نہیں کریں گے، یقین جانیں کچھ بھی کرلیں، اس ملک کو صحیح ڈگر پر آپ نہیں چلا

سکیں گے۔ میں پھر یہ کہتا ہوں کہ یہ ملک ہماری امید ہے،آخری امید ہے۔ اس کے لیے ہمارے باپ دادا نے قربانیاں دی ہیں، جنگیں لڑی ہیں۔ جس طرح آج ہمارے بچے جگہ جگہ شہید ہو رہے ہیں۔ بنوں کے واقعہ کو دیکھیں۔ لکی مرمت کے واقعہ کو دیکھیں اور ایک بے گناہ شیخ الحدیث شیخ ادریس مرحوم، اللہ تعالیٰ ان کو جوار رحمت میں جگہ دے، ان کو شہید کرنے میں شرم بھی محسوس نہیں ہوتی۔ اس لیے ضروری ہے کہ اگر اس ملک کی ڈگر کو درست کرنا ہے، اس کے ڈھانچے کو آپ نے مضبوط کرنا ہے، اگر ہم نے آگے بڑھنا ہے، انتقام کی فضا کو ہم نے کم کرنا ہے تو پھر میرے لیڈر عمران خان کے ساتھ قانون کے مطابق برتاؤ کیا جائے۔ اس کی بیوی معصوم ہے، پردہ دار ہے، اس کے ساتھ انسانیت کا سلوک کیا جائے۔ کوٹ لکھپت میں دیکھ لیں ڈاکٹر یاسمین، اس کے ساتھ جتنے بھی قیدی ہیں، ان کے ساتھ قانون اور آئین کے مطابق برتاؤ کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج اگر طاقتور حلقے جو بین الاقوامی طور پر اپنے عروج تک پہنچ چکے ہیں، ساری دنیا ان کا گن گا رہی ہے لیکن اگر عوامی مینڈیٹ ان کے پاس نہیں، عوامی اعتماد ان کے پاس نہیں تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایک خلا میں اپنی حیثیت کا اقرار کر رہے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ مفاہمت کی فضا کو پیدا کیا جائے۔ میں اس میں کردار ادا کر سکتا ہوں۔ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ مفاہمت کی فضا، محبت کی فضا میں، میں اپنا کردار ادا کر سکتا ہوں۔ اس لیے کہ مجھے میرے لیڈر عمران خان نے واضح طور پر کہا، جیل کی وہ ریکارڈنگ موجود ہے، مجھے کہا کہ تم جا کر بات کرو۔ میں آج پھر اسی عزم کے ساتھ کہتا ہوں کہ اگر ان اداروں کو مضبوط کرنا ہے، پاکستان کو مضبوط کرنا ہے تو پھر ان دوریوں کو نزدیک لا کر محبتوں کی فضا کو پیدا کرنا ہوگا۔ میں طاقتور حلقوں کو پھر کہنا چاہتا ہوں کہ ضرورت ہے اس ملک کو آگے لے جانے کے لیے ہمیں اس ملک کے قانون، اس ملک کی بنیادی حقوق اور اس ملک کی جو احساس ہے، انسانی احساس، اس کو ترجیح دینی ہوگی۔ پاکستان پائندہ باد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پہلے منسٹر صاحب۔ کامران صاحب! اس کو میں ٹھیک کرتا ہوں۔ رانا ثناءاللہ صاحب کو سن لیں، اس کے بعد رانا ثناءاللہ صاحب تشریف رکھیں گے، آپ سب کی بات سنیں گے۔ جی۔

**<u>Senator Rana Sana Ullah Khan, Adviser on Political Affairs</u>**

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان (مشیر برائے سیاسی امور): میں بڑی مختصر بات کروں گا۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سب کو وقت ملے گا۔ فیصل صاحب تشریف رکھیں۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: میرے بعد جو بات آپ نے کرنی ہے، اس سے بھی وہ relevant ہو گی۔ جناب چیئرمین! مولانا عطاء الرحمٰن صاحب تشریف لے گئے۔ انہوں نے جو بات کی ہے، اس کے بعد ابھی معزز سینیٹر نے ان کی کچھ باتوں کی تائید کی ہے، کچھ اس بات میں اضافہ کیا ہے۔ میں مولانا عطاء الرحمٰن صاحب کا بے حد احترام کرتا ہوں اور مجھے ان کی حب الوطنی پر اتنا ہی یقین ہے جو مجھے اپنی حب الوطنی پر یقین ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن صاحب نے اس ملک کے آئین کا ہمیشہ احترام کیا۔ انہوں نے ہمیشہ ملک کی sovereignty کا احترام کیا۔ دہشت گردی کے جو واقعات خیبر پختونخوا میں ہو رہے ہیں، ان سے متعلق انہوں نے جن خدشات اور افسوس کا اظہار کیا، میں بھرپور طریقے سے ان کے ان خیالات کی تائید کرتا ہوں لیکن اپنی تقریر کو ختم کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پاکستان سے ٹوٹنے جا رہا ہے اور یہ ایسا نہ ہو کہ کل کو جو وقت آئے تو اس کے بعد ہم کوئی نیا پاسپورٹ بناتے پھریں یا تلاش کرتے پھریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ خیبر پختونخوا 4 کروڑ 85 لاکھ محب وطن پاکستانیوں کا صوبہ ہے۔ بلوچستان ایک کروڑ 48 لاکھ محب وطن پاکستانیوں کا صوبہ ہے۔ یہ دونوں صوبے تقریباً چھ کروڑ محب وطن پاکستانیوں کے صوبے ہیں۔ یہ ٹوٹ کر جا رہا ہے۔ کہاں ٹوٹ کر جا رہا ہے؟ یہ ٹوٹ کر کس کے ساتھ اس کو شامل کر رہے ہیں؟ (جاری۔۔۔T15)

T15-12May2026 Ali/Ed: Shakeel 06:30 pm

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: (جاری ہے۔۔۔۔۔) یہ ٹوٹ کر کس کے ساتھ اس کو شامل کر رہے ہیں؟ کیا وہ ٹوٹ کر آسمان کی طرف اٹھ جائے گا، کہاں جائے گا، کس طرف جائے گا؟ پاکستان سے توڑ کر وہ کس کے ساتھ شامل کرنا چاہتے ہیں؟ کون سا ایسا ہے کہ دوسری طرف دودھ کی نہریں اور شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں، جس طرف وہ ان کو لے کر جانا چاہتے ہیں۔ ہمارے بارڈر سے پرے جس قسم کے حالات ہیں، یا جو وہاں پر ہو رہا ہے، کبھی اس طرف انہوں نے توجہ دی ہے؟ معاملہ یہ ہے کہ سات، آٹھ ہزار وہ گمراہ لوگ، جو افغانستان کی سرزمین پر دہشت گردی کی training لے رہے ہیں، وہاں دہشت گردی کے ایسے camps پائے گئے ہیں۔ ان کی evidence ہماری intelligence agencies کے پاس موجود ہے کہ وہاں تمام funding India دے رہا ہے اور وہاں training میں نہ صرف India بلکہ Israel بھی شامل ہے اور یہ جو سندور ان کے operation کا phase two ہے، تو کیا یہ لوگ، جو دہشت گرد ہیں، جو پاکستان کے

دشمن ہیں اور جو وہاں Israel اور India کے funds پر training لے رہے ہیں، training لینے کے بعد پاکستان کی سرزمین میں داخل ہو کر کبھی وہ بلوچستان میں cadet college پر حملہ کرتے ہیں۔ اب اس cadet college میں، جس پر انہوں نے حملے کی کوشش کی، آپ مجھے بتائیں کہ کیا وہاں لاہور کے بچے تعلیم حاصل کر رہے تھے؟ کیا وہاں سندھ یا ملک کے کسی اور حصے کے بچے تعلیم حاصل کر رہے تھے؟ وہاں تقریباً پانچ، ساڑھے پانچ سو بچے ہیں اور ان سب کا تعلق بلوچستان سے تھا۔ وہ بلوچستان کا مستقبل تھے۔ وہ بلوچستان کے بچے تھے اور ان کو شہید کرنے کے لیے ان پر جو حملہ کیا گیا، جس حملے کو ہماری law enforcing agencies کے نوجوانوں نے اپنی جان پر کھیل کر ناکام بنایا اور ان حملہ آور دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا۔ تو کیا ان دہشت گردوں کا یہ مطالبہ تھا کہ فلاں کو جیل سے رہا کر دیا جائے؟ یا فلاں کا علاج کروا دیا جائے؟ یا ان کی ملاقات نہیں ہو رہی تھی اور اس بات کا انہیں بڑا دکھ تھا؟

یہ جو کل وہاں دو واقعات ہوئے ہیں، ان میں ایک یہ تھا کہ police station سے بارود سے بھری ہوئی گاڑی ٹکرائی گئی اور دوسرا واقعہ وہ تھا جس میں عام شہری اور traffic police کے اہلکار بھی شہید ہوئے۔ یہ لوگ، جنہوں نے یہ حرکت کی ہے، جنہوں نے یہ مذموم دہشت گردی کی ہے، کیا ان کا یہی مطالبہ ہے؟ معاملہ یہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت آپ کا حکومت کے ساتھ سیاسی اختلاف ہے اور ہمارے mandate پر آپ کا اعتراض ہے۔ تو جب mandate آپ کے پاس تھا، تو کیا اس پر ہمارا اعتراض نہیں تھا؟ کیا ہم نے اس اعتراض کو کبھی اس طرح translate کیا تھا کہ ملک میں ہونے والی دہشت گردی اور دہشت گردوں کو اس کے ساتھ جوڑیں؟ آپ اپنا اختلاف ہمارے ساتھ رکھیں، اگر آپ اس پر بات کرنا چاہتے ہیں تو بات کریں۔ اگر آپ dialogue کرنا چاہتے ہیں تو dialogue کریں۔ اس کے متعلق آپ کو Prime Minister نے دو نہیں بلکہ تین مرتبہ on the floor of the House یہ کہا ہے کہ آئیں اور جو بھی political issues ہیں، ان پر dialogue کرنے کو تیار ہیں۔ جس دن budget پاس ہوا، اس دن وہ آپ کی نشستوں پر جا کر آپ سے کہہ رہے تھے کہ ہمیں بیٹھ کر گفتگو کرنی چاہیے، ہمیں dialogue کرنا چاہیے۔ انہوں نے یہاں تک کہا کہ اگر آپ میرے پاس نہیں آنا چاہتے، تو آپ Speaker Chamber میں روز جاتے ہیں، وہاں چائے وغیرہ پیتے اور بیٹھتے ہیں۔ اگر آپ وہاں آ جائیں اور مجھے کہیں، تو میں بھی وہاں حاضر ہو کر آپ کے ساتھ بات کرنے کو تیار ہوں۔ اگر آپ کے کوئی سیاسی اختلافات ہیں یا آپ کے معاملات ہیں، تو ان پر ہمارے ساتھ بیٹھ کر بات کریں۔ ان سیاسی اختلافات کو دہشت گردی کے ساتھ جوڑنا اور پھر یہ نتیجہ نکالنا کہ یہ سب اسی وجہ سے ہو رہا ہے۔

افغانستان میں Israel اور India کی training لینے والے دہشت گرد اگر دہشت گردی اس لیے کر رہے ہیں کہ یہاں کسی کو رہا کیا جا رہا ہے یا کسی کی ملاقات نہیں ہو رہی، تو پھر یہ بات واضح طور پر کریں کہ یہ سب ہمارے لیے ہو رہا ہے۔ آپ ہمارے مسائل حل کر دیں، تو یہ چیزیں ختم ہو جائیں گی۔

جہاں تک طاقتور اداروں کی بات ہے، معاملہ یہ ہے کہ کیا پاکستان کی مسلح افواج نے کوئی election لڑ کر mandate حاصل کرنا ہے؟ اگر آپ یہ اندازہ کرنا چاہتے ہیں کہ پاکستان کے پچیس کروڑ عوام کس طرح افواج پاکستان کے ساتھ محبت کرتے ہیں اور ان کے ساتھ کھڑے ہیں، تو جب یہ معرکہ حق ہوا تو تقریباً پچیس، تیس دن تک یہ سلسلہ چلتا رہا۔ کیونکہ جس دن پہلگام کا واقعہ ہوا تو اس دن سے India نے ایک ماحول بنانا شروع کر دیا اور پھر چھ مئی سے دس مئی تک جو واقعات ہوئے، ان کے نتیجے میں پاکستان نے اٹھتر سالوں میں پہلی مرتبہ پوری قوم کو افواج پاکستان کی بہادری، professionalism، اور شہداء و غازیوں کی قربانیوں سے پاکستانی قوم کو وہ لمحہ نصیب ہوا کہ ہم نے فخر سے اپنا سر بلند کیا۔ پاکستان کو ایسی فتح نصیب ہوئی جسے پوری دنیا نے تسلیم کیا، حتیٰ کہ ہمارے دشمن نے بھی تسلیم کیا۔ پوری قوم نے پچھلے سال بھی اس موقع پر افواج پاکستان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ ہر گلی، ہر محلے، ہر شہر، ہر قصبے میں لوگوں نے باہر نکل کر اپنی افواج، اپنے غازیوں اور اپنے شہداء کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا اور ان کا ساتھ دیا۔ اب ایک سال بعد، جب اس کی یاد کے طور پر یہ event آیا، تو پوری قوم نے اس پر خوشی کا اظہار کیا۔ پوری قوم نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اس سے بڑھ کر آپ اور کس طرح اندازہ کر سکتے ہیں کہ پوری قوم اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہے، اس ملک کے دفاع اور حفاظت کے لیے۔ جس طرح پوری قوم کھڑی ہے، اسی طرح KP کے غیور پاکستانی بھی کھڑے ہیں اور بلوچستان کے ہمارے بھائی بھی کھڑے ہیں۔

یہ دہشت گرد training حاصل کرکے، ان training camps سے Israel کے trainers سے trained ہو کر اور India کے funds کے بل بوتے پر، اس قسم کی بزدلانہ اور مجرمانہ کارروائیاں کر سکتے ہیں، لیکن ان کارروائیوں کو اپنی سیاست کے ساتھ نہ جوڑیں اور نہ اس سے یہ نتیجہ نکالیں۔ جب تک آپ یہ نتیجہ نکالتے رہیں گے، آپ ہمارے بھائی ہیں اور میں بڑے وثوق سے کہتا ہوں کہ ان مشکلات میں پھر آپ اضافہ ہی کریں گے، کمی نہیں ہوگی۔ آپ اپنی مشکلات کو ان چیزوں کے ساتھ translate نہ کریں کہ یہ اس لیے ہو رہا

ہے کیونکہ یہ نہیں ہو رہا، یا وہ نہیں ہو رہا۔ آپ اس چیز کو ختم کریں اور اپنی سیاست کو اس سے علیحدہ کریں۔ اگر سیاست پر بات کرنی ہے تو علیحدہ بات کریں، اس کی علیحدہ دلیل دیں اور اس کے لیے سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھیں۔ افواج پاکستان نے اور DG ISPR نے بڑا واضح طور ہر ایک دفعہ نہیں بلکہ دس دفعہ یہ بات واضح کی ہے کہ اگر سیاسی جماعتیں آپس میں بیٹھ کر بات کریں تو ہمیں خوشی ہو گی۔

(جاری ہے-----T16)

16–12May2026 Imran/ED: Waqas 06:40 pm

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: (جاری-----) یہ DG ISPR نے بڑا واضح طور پر ایک دفعہ نہیں بلکہ دس دفعہ یہ بات کر دی ہے کہ سیاسی جماعتیں اگر آپس میں بیٹھ کر بات کریں تو ہمیں خوشی ہو گی اور اُنہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ہمارا یہ mandate نہیں ہے، ہم نے کسی سیاسی جماعت سے بیٹھ کر بات نہیں کرنی۔ تو اس لیے میں یہ request کروں گا کہ آپ اپنی بات میں جو بھی آپ دلیل یا جو وزن، آپ اُن چیزوں کو اس دہشت گردی سے اور ان کارروائیوں سے منسلک نہ کریں، نہ ان سے اُن کو translate کریں اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ یہ دہشت گرد جو وہاں افغانستان کی سرزمین پر training لے کر پاکستان میں اس قسم کی مجرمانہ، اب آپ دیکھیں 2009, 2010 اور 2011 کو یاد کریں۔ روزانہ پنجاب کے کسی نہ کسی شہر میں اس قسم کے دہشت گردی کے واقعات ہوتے تھے۔ جناب چیئر! ایک ایک دن میں ہم نے وہاں پر دو دو سو شہداء کے جنازے اُٹھائے ہیں۔ امام بارگاہوں سے، مارکیٹ سے یعنی ایک مارکیٹ میں دہشت گردی کا واقعہ ہوا اور اس میں بچے اور خواتین سمیت ایک سو چورانوے لوگ شہید ہوئے۔ تو کیا اس طرح کے واقعات سے قوم کے resolve میں کوئی کمی لائی جا سکتی ہے یا ہماری حُب الوطنی کو کمزور کیا جا سکتا ہے؟ اس قسم کے دہشت گردی کے واقعہ سے حُب الوطنی کے جذبے میں اور ہمارے resolve میں، اللہ کے فضل سے، ہمیشہ کمی نہیں آئی بلکہ اُس میں لوگوں کا اعتماد اور زیادہ بڑھا ہے۔

تو اس لیے ان دہشت گردی کے واقعات کو روکنے کے لیے اس وقت پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت نے جو فیصلہ کیا ہے، وہ فیصلہ بڑا دوٹوک ہے اور بڑا اٹل ہے۔ وزیراعظم پاکستان نے افغانستان کو یہ کہہ دیا ہے کہ آپ دہشت گردوں اور پاکستان میں سے کسی ایک کی choice کر لیں۔ یا آپ دہشت گردوں کے ساتھ کھڑے ہوں یا پھر آپ پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوں۔ ہم افغانستان کے عوام سے پیار کرتے ہیں۔ وہ

ہمارے بھائی ہیں۔ ہم نے اُن کو چالیس سال host کیا ہے اور اُن کے مشکل وقت میں اُن کا ساتھ دیا ہے لیکن اُن کی سرزمین اگر دہشت گردی کے لیے استعمال ہو گی تو اُس ٹھکانے کو، اُس training centre کو اور اُس جگہ کو جہاں پر دہشت گردی کی training ہو رہی ہو گی اور جہاں سے لوگ training لے کر پاکستان میں آ کر دہشت گردی کر رہے ہوں گے، اُس کو target کیا جائے گا، کیا جا رہا ہے اور اُس وقت تک کیا جائے گا جب تک یہ دہشت گرد یا تو اپنے ان مذموم جرائم سے باز آ جائیں یا پھر اُن کا خاتمہ کر دیا جائے گا اور اُن لوگوں کو eliminate کر دیا جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: کسی صورت میں بھی ان دہشت گردوں کے ساتھ compromise نہیں کیا جائے گا اور میں یہ بھی گزارش کر دوں کہ ان دہشت گردوں کا کوئی مطالبہ نہیں ہے۔ نہ اُن کا کسی الیکشن کا مطالبہ ہے، نہ کسی کے صحیح یا غلط مقدمے کا کوئی مطالبہ ہے، نہ کسی کی ملاقات اور کسی علاج کا مطالبہ ہے، وہ پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں۔ وہ پاکستان کے دشمن ہیں۔ وہ انڈیا کے ہمنوا ہیں۔ وہ اسرائیل کے ہمنوا ہیں۔ وہ مودی کے یار ہیں۔ اس لیے اُن کا پاکستان کے خلاف جو مذموم عمل ہے، اُس کو آپ اپنے ساتھ اس طرح سے منسلک نہ کریں۔ آپ اپنی بات ضرور کریں لیکن آپ پاکستان کے ساتھ اور افواج پاکستان کے ساتھ، اپنے شہداء کے ساتھ، اپنے غازیوں کے ساتھ، اور اپنے law enforcement agencies کے جتنے بھی لوگ جو اس وقت اس دہشت گردی کا مقابلہ کر رہے ہیں اُن کے ساتھ پوری قوم کھڑی ہے اور آپ کو بھی اُن کی آواز کے ساتھ آواز ملانی چاہیے۔ پاکستان زندہ باد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ جناب۔ Now I have the list of honourable senators جس میں مشال اعظم ہیں، کامران مرتضیٰ ہیں، فیصل صاحب ہے، وقار مہدی ہیں، حاجی ہدایت اللہ ہیں۔ میں اسی list کا کہہ رہا ہوں اور مغرب کی نماز بھی ہونے والی ہے۔ اب آپ ممبرز نے فیصلہ کرنا ہے۔ حاجی ہدایت اللہ صاحب! آپ کا نمبر جو ادھر list کہہ رہی ہے میں نے اُسی پر بولا ہے۔ تو اگر آپ بات کریں گے تو آپ کے ممبر رہ جائیں گے۔ فیصل صاحب! فیصلہ کر لیں۔ اپوزیشن لیڈر صاحب کو میں نہیں روک سکتا according to rules and regulations. Point of Order کر لیں یا اپوزیشن لیڈر کی سن لیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): میری بات سن لیں، میں اتنی لمبی بات نہیں کروں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ان کے ایک ایک دو دو منٹ کے Point of Order سن لیں۔ اس کے بعد اپوزیشن لیڈر صاحب! آپ بات کر لیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جو رانا صاحب نے بات کی ہے اُس بارے میں میری صرف دو منٹ بات سن لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں ٹھیک ہے۔

**Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition)**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ دیکھیں، کوئی بھی پاکستانی یا کوئی بھی کسی بھی ملک کا باسی ہے، جب اُس کے ملک پر حملہ ہوگا تو ناممکن ہے کہ وہ اپنے وطن کے دشمنوں کے ساتھ کھڑا ہوگا اور اُس پر خوش ہو۔ جب انڈیا نے حملہ کیا تو تمام پاکستانیوں نے، جوانوں نے social media پر انڈیا کے بیانیے کا مقابلہ کیا اور اُسے شکست دی۔ یہ بھی ایک جہاد تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آج کل تین طریقے سے لڑتے ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جی بالکل ایسا ہی ہے۔ اس بات پر تو کسی کو بھی اختلاف نہیں ہے۔ یہ ہمارا وطن ہے۔ اس پر جہاں سے بھی حملہ ہو یا دہشت گردی ہو تو ہم اُسے condemn کرتے ہیں اور اس کی مذمت کرتے ہیں لیکن ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ پاکستان اس وقت بحرانوں کا شکار ہے۔ امن و امان کا بحران ہے، معاشی بحران ہے، سیاسی بحران ہے۔ کیا اس حوالے سے ہمیں کچھ نہیں کرنا چاہیے؟ کون کہتا ہے کہ جن دہشت گردوں نے کل بنوں میں حملہ کیا، آج لکی مروت میں حملہ کیا، یہ عمران خان صاحب کی رہائی کے لیے تھا۔ سیاسی پارٹی کوئی بھی ہو، وہ انتہا پسندی کو، دہشت گردی اور extremism کو afford ہی نہیں کر سکتی۔

لہٰذا میری گزارش یہ ہے کہ اگر ہم لوگ مطمئن ہیں کہ پاکستان کا معاشی نظام بہترین چل رہا ہے، پاکستان میں امن و امان کا مسئلہ اور بحران ہی نہیں ہے، سیاسی بحران نہیں ہے، ہم چل رہے ہیں۔ بسم اللہ چلتے رہیں، کون آپ کا راستہ روک سکتا ہے لیکن اگر واقعی پاکستان مشکلات کا

شکار ہے اور اس کو ان مشکلات سے نکالنا سب کی ذمہ داری ہے تو پھر ہمیں کچھ نہ کچھ good gesture دکھانا پڑے گا۔ میرا ایک سوال ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ DG ISPR نے کہا کہ سیاست دان آئیں اور خود اپنے مسائل کو بیٹھ کر حل کریں، اُنہیں خوشی ہو گی۔ میری گزارش ہے، آپ حکومت ہیں، ایک شخص جو جیل میں ہے، وہ آپ کا سیاسی ساتھی ہے، یہاں آپ کے ساتھ رہا ہے۔ کیا اُس کو وہاں جیل میں ایک ہزار دن رکھنا کافی نہیں ہے۔ وہ بیمار ہے، اُس کی آنکھ ضائع ہو رہی ہے، اُس کی wife بیمار ہے، اگر اُس کے گھر والے یا اُس کے ڈاکٹر اُسے دیکھ لیں، یا قبلہ رانا ثناء اللہ صاحب آپ ایک ٹیم بنائیں، وہاں پر دو تین سینیٹر لے جائیں اور ملا دیں۔ باہر آ کر بتا دیں کہ کیا صورت حال ہے۔ لوگوں کے اندر جو تھوڑی سی پریشانی ہے وہ ختم ہو جائے گی۔ ہم یہ بھی نہیں کر سکتے؟ آپ حکومت ہیں۔ حکومت طاقتور ہوتی ہے، اُس کے پاس اختیارات ہوتے ہیں۔ اسی طرح سے آپ نے فرمایا کہ پرائم منسٹر صاحب نے، آپ treasury benches پر بیٹھے ہوئے ہیں، آپ حکومت ہے، آپ جائیں اور پکڑ کر سب کو سینے سے لگا لیں۔ یہ کوئی بڑا کام ہے۔ تھوڑا سا دل بڑا کر لیں۔ پاکستان کے لیے، وطن کے لیے، اس کو مشکلات سے نکالنے کے لیے ہم حاضر ہیں۔

آخری بات، جناب ہماری گزارش ہے کہ security پر، پاکستان کے امن و امان پر، دہشت گردی پر in camera اجلاس بلائیں۔ جب آپ کے پاس افغانستان کے بارے میں information ہے تو یہاں دیں اور ہم سب کو بتائیں۔ کون ایسا بندہ ہو سکتا ہے جو دہشت گردی کے خلاف آپ کا ساتھ نہیں دے گا، پاکستان کا ساتھ نہیں دے گا یا خوش ہو گا کہ اس وطن کے بیٹے بے گناہ قتل ہو جائیں۔ وہ کون ہو سکتا ہے؟ جو اگر خدا کو مانتا ہے کہ ایک بے گناہ کا قتل تمام انسانوں کا قتل ہے۔ In camera اجلاس ہونا چاہیے، امن و امان پر دے دیں، اسی طرح آپ جو ملکی اقتصادی بحران ہے، اُس پر سب کو اکٹھا کر لیں اور بلا لیں۔ ابھی اس کے بعد بجٹ آنے والا ہے۔ ہم بیٹھ کر مسائل کو حل کر سکتے ہیں۔ اسی لیے سیاسی بحران کے حل کے لیے بھی بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ کوئی بندہ بھی اِن چیزوں کو نتھی نہیں کرتا ہے اور اگر وہ کرتا ہے تو میرے خیال میں وہ دیوانہ ہے۔ خدا نخواستہ ہم یہ کہیں کہ دہشت گردی کے واقعات اس وجہ سے ہو رہے ہیں۔ نہیں۔ دہشت گردوں کا کام پاکستان کی تباہی اور بربادی ہے اور ہم اُن کی مذمت کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ (جاری-----T17)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔) ہم ان کی مذمت کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، دو لکیریں کریں۔ کیونکہ جنہوں نے دو گھنٹے سے بٹن دبایا ہوا ہے وہ پریشان ہیں۔ جی، بولیں جلدی بولیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں اس ایوان کے توسط سے۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر کامران صاحب، سب سے پہلے آپ کی باری ہے۔ ابھی میں اپوزیشن لیڈر کو روک کر تو آپ کی بات نہیں کرا سکتا ہوں۔ منسٹر صاحب کو تو روک کر بات نہیں کرا سکتا۔ جی جلدی بولیں۔

**<u>Point of public importance raised by Senator Hidayatullah Khan regarding prolonged load shedding in District Dir, KP</u>**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں، میں ضلع دیر خیبر پختونخوا کے علاقے سے تعلق ہے۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کرسی میں نقص ہے۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین! وہاں دس سے بارہ گھنٹے تک لوڈشیڈنگ ہوتی ہے اور اس ضلع کے اندر لوگ 97% بل ادا کرتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تشریف رکھیں۔ کامران مرتضٰی صاحب، بسم اللہ کریں۔ جلدی، to the point بھائی آپ کے پاس لائٹ آئے گی۔ جی، ان کو لائٹ دیجئے اور بل فل لیا جائے۔ چلیں کامران صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پورا بل دیں اور پوری لائٹ لیں، میں نے کہہ دیا ہے۔ میں نے یہاں سے آرڈر دے دیا ہے۔ اچھا چلیں کامران صاحب۔

(مداخلت)

سینیٹر ہدایت اللہ خان: یہ کیا چیز ہے؟

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب پڑھیں جی۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک کمیٹی non-functional ہے۔ محسن عزیز صاحب نے استعفیٰ دیا ہوا ہے۔آپ نے ایک علاقہ بتایا ہے، میں نے کہا ہے ان علاقوں میں لائٹ دی جائے۔ منسٹری کو بھیج دیں۔ یہ Point of Order منسٹری کو بھیج دیں۔ کمیٹی ہو ہی نہیں رہی ہے، کمیٹی کو کیوں بھیجوں؟ منسٹری سے رپورٹ لے لیں گے نا۔ چلیں جی، کمیٹی کو بھیج دیں، کمیٹی کو بھیج دیا۔ کامران صاحب، بسم اللہ کریں۔ سینیٹر ہدایت اللہ خان صاحب، ابھی آپ کو تسلی ہو گئ ہے؟ کمیٹی کو بھیج دیا۔ ٹھیک ہے، چلیں۔ ان کو پتا ہے کہ کمیٹی نہیں ہے لیکن پھر بھی کہتے ہیں کمیٹی کو بھیج دیں۔ جی، کامران صاحب۔

## Point of public importance raised by Senator Kamran Murtaza regarding recent incidents of terrorism in KP and Balochistan

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ایسا ہے کہ جب عطاء الرحمٰن صاحب خیبر پختونخوا کے مسئلے پر بات کرنا چاہ رہے تھے یا ان کو وقت نہیں مل رہا تھا اور بعد میں ultimately جب وقت ملا، تو کچھ ان کی طرف سے گلے شکوے آئے۔ کچھ کا جواب آپ نے دے دیا، کچھ کا رانا صاحب جواب دے رہے ہیں یا دے رہے تھے۔

جناب والا! ایسا ہے کہ جہاں پر آگ جلتی ہے اس کو پتا ہوتا ہے، اس جگہ کو پتا ہوتا ہے جہاں پر آگ لگی ہوتی ہے۔ جو لوگ خیبر پختونخوا میں رہ رہے ہیں، ان کو پتا ہے کہ ان کے ساتھ کیا مسائل درپیش ہیں۔ جو لوگ بلوچستان میں رہ رہے ہیں، ان کو پتا ہوتا ہے کہ اس معاملے سے کس طرح نمٹنا ہے۔اس میں یہ کہ آپ دس منٹ بعد بات کرلیں گے یا بیس منٹ بعد بات کرلیں گے، یا یہ بات اس طرح کیوں نہیں کی، آپ کی خواہش کے مطابق یا رانا صاحب میرے محترم ہیں ان کی خواہش کے مطابق، تو یہ اس شخص کو پتا ہے جو روز جنازے اٹھا رہا ہے، جو روز جنازے پڑھ رہا ہے، جو اپنے ساتھیوں کے جنازے پڑھ رہا ہے۔ شیخ ادریس صاحب کا جنازہ پڑھ کر فارغ نہیں ہوئے تھے کہ چارسدہ والا واقعہ ہو گیا۔ چارسدہ

والے واقعے سے فارغ نہیں ہوئے تھے کہ بنوں والا واقعہ ہو جاتا ہے۔ بنوں والے واقعے کا جنازہ پڑھ کر ابھی تک فارغ نہیں ہوئے، ہمارے بچے مر رہے ہیں کہ لکی مروت والا واقعہ ہو جاتا ہے۔

جناب والا! کیا ہم اس بات پر خوش ہوتے ہیں کہ خدا نخواستہ روز casualties ہوتی ہیں اور اس کے بعد ہم جنازے پڑھتے ہیں یا رونا دھونا کرتے ہیں؟ رونا دھونا ہم اس بات پر کرتے ہیں، گلہ اس بات پر کر رہے ہوتے ہیں کہ یہ جو معاملات روز بڑھ رہے ہیں، یہ ہمارے ہاں بڑھ رہے ہیں، ہمارے ساتھی مر رہے ہیں۔ جب ہمارا کوئی ساتھی مرے گا، جو روز ہمارے ساتھ بیٹھتا تھا، جو روز ہمارے ساتھ موجود ہوتا تھا، جب وہ مرے گا تو بندہ روئے گا تو سہی۔ بجائے اس کے کہ ہم آنسو پونچھنے کے، ہم اس کو یہ کہیں کہ آپ دس منٹ کے بعد بات کر لیجئے یا کسی کی خواہش کے مطابق بات کر لیجئے، تو ایسا نہیں ہوگا، ایسا ہو نہیں سکتا۔ یہ بات nature کے against ہو جاتی ہے۔ بچے پنجاب میں مریں تو بھی ہمارے بچے ہیں، بچے خیبر پختونخوا میں مریں وہ بھی ہمارے بچے ہیں، خدا نخواستہ کوئی سندھ میں مرتا ہے تو وہ بھی ہمارے بچے ہیں، بلوچستان کے بچے بھی آپ کے بچے ہیں، میرے بچے ہیں۔ یہ روز واقعات ہو رہے ہیں، ہم اس کے علاوہ کچھ نہیں کر پا رہے کہ یہاں صرف issue raise کر لیتے ہیں۔ کل میں نے آپ کے پاس issue raise کیا تھا کہ Coast Guard نے گوادر کے سمندر میں جو لوگ مارے تھے، آج تک اس کا کوئی response نہیں آیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب نے جواب دیا تھا۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: میں نے کل آپ کے پاس issue raise کیا تھا کہ شکور خان کے ساتھ کیا ہو رہا ہے یا کیا کیا جا رہا ہے، اس کا آج تک کوئی response نہیں آیا۔ جب response نہیں آتا تو مسئلہ بڑھتا جاتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزارت داخلہ سے رپورٹ مانگ لیجئے۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب چیئرمین! وہ رپورٹ مانگی ہے۔ بلوچستان سے جو میڈیکل کے بچے تھے، اس کی رپورٹ بھی مانگی تھی، اس کو بھی ایک مہینہ ہو گیا ہے۔ وہ رپورٹ، رپورٹ کھیل رہے ہیں اور اس کے بعد بچوں کا تعلیمی سال ضائع ہو رہا ہے، یہ medical کے students تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایمرجنسی منگوالیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: Medical students کا مسئلہ بھی اسی طرح آنے جانے میں ضائع ہو رہا ہے۔ بات بڑی آسان سی ہے۔ ہم میں سے کوئی بھی پاکستان کا، خدا نخواستہ، مخالف نہیں ہے۔ ہم میں سے کوئی بھی اداروں کا مخالف نہیں ہے۔ ہم میں سے کوئی بھی مسلم لیگ کا اس طرح مخالف نہیں ہے جس طرح سے مسلم لیگ سمجھے یا ہم اس طرح سے پی ٹی آئی کے کوئی جانی دشمن یا اس طرح کے مخالف نہیں ہیں کہ وہ اس طرح سمجھے۔ مگر بات یہ ہے کہ روز killings میں اضافہ ہو رہا ہے، واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے، آپ کے ہوتے ہوئے ہو رہا ہے۔ جب آپ کے ہوتے ہوئے ایک معاملہ اس طرح بڑھ رہا ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ یا دوائی میں خرابی ہے یا ڈاکٹر میں خرابی ہے۔ اگر ٹھیک ہو رہا ہو یا اسی جگہ پر رکا ہو تو بھی یہ کہا جا سکتا تھا کہ ٹھیک ہے، یہ اسی جگہ پر ہے جہاں کل تھا۔ مگر آپ کو حکومت کرتے ہوئے ڈھائی سال گزر چکے ہیں۔ ہم ڈھائی سال کے دن نکال لیتے ہیں اور دن نکال لینے کے بعد casualties نکالتے ہیں جب اس میں causalities بڑھی ہیں یا روز بڑھ رہی ہیں، تو پھر اس کا نتیجہ بھی اخذ کر لیتے ہیں۔

آپ یقیناً elected ہوں گے، منتخب ہو کر آئے ہوں گے۔ ہم نہیں کہہ رہے کہ کوئی Form-47 والا ہے یا Form-45 والا ہے۔ بالکل، آپ کو عوام نے مینڈیٹ دیا ہوگا، مگر وہ مینڈیٹ کہیں establish ہو رہا ہے یا نہیں ہو رہا؟ مینڈیٹ کو establish کرکے بتائیں۔ اپنی رٹ کو establish کرکے بتائیں۔ یقیناً ہم سارے آپ کے اداروں کے ساتھ بھی کھڑے ہیں، آپ کے ساتھ بھی کھڑے ہیں، دہشت گردی کے خلاف بھی کھڑے ہیں، مگر اس کا نتیجہ کیا نکل رہا ہے؟ یہ نتیجہ بتا دیجئے۔ یہ امن و امان آپ کا subject ہوا کرتا ہے۔ اس وجہ سے آپ کا subject ہوا کرتا ہے کہ وفاقی فورسز دونوں صوبوں، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں جہاں وہ deploy ہوئے ہیں۔ اس کے against ان صوبوں سے، ان کے عوام سے، ان کے ٹیکس کے پیسوں سے ایک حصہ جو ہے ان کو ملتا ہے۔ اس کے باوجود معاملہ ٹھیک نہیں ہو رہا ہے۔

جب تک casualties ہوتی رہیں گی، لوگوں کا دل جلتا رہے گا۔ لوگ اس معاملے کا، اس مسئلے کا حل چاہتے ہیں۔ لوگ جب تنقید کرتے ہیں تو اس کی کوئی وجہ ہوتی ہے۔ آج امن و امان ہو جائے، آج لوگوں کا مرنا بند ہو جائے، ہم سارے بیٹھ کر آپ کی تعریف کریں گے۔ ہم نے آپ کی تعریف اُس وقت بھی کی جب ایران والا مسئلہ تھا۔ ہم نے آپ کی تعریف ہر اُس مسئلے پر کی۔ جب انڈیا نے حملہ کیا تھا، ہم آپ کے ساتھ کھڑے تھے۔ ہم نے even اپنے احتجاج مؤخر کر دیئے۔ ہم نے ہر چیز کو روک دیا، جہاں پر ملک کی ریاست کی بات آئی، ہم آپ کے ساتھ کھڑے

رہے۔ مگر جہاں پر عوام کا مسئلہ ہوگا، اُس میں بھی آپ کو عوام کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا، عوامی طاقتوں کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا۔ یہ نہیں کہ روز اُدھر فاتحہ پڑھا دیں اور کہیں کہ اللہ بخشے۔ ہم روز دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ بڑی داڑھی کس کی ہے، اُس کو کہیں کہ تم آکے دعا کروا دو۔ بس یہ دعا کرانے کے لیے ہی ہم رہ گئے ہیں۔ یہ دعا نہیں، ہم کو دُعا کے ساتھ عمل بھی چاہیے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بہت شکریہ۔ دیکھیں، ابھی فیصل صاحب نے دو منٹ بات کرنی ہے۔ اُس سے پہلے میں again یہ کہتا ہوں کہ مولانا صاحب ہمارے سب کے محترم ہیں۔ ان کو روزانہ موقع ملتا ہے، ماشاء اللہ پندرہ منٹ، بیس منٹ مولانا صاحب بات کرتے ہیں۔ ان کو مسئلہ پختونخوا کے دھماکے کا نہیں تھا، وہ جلدی بات کرنے کا تھا۔ ان کو پھر موقع ملا، انہوں نے بات بھی کر لی۔ دس منٹ بعد بات کرنے سے نہ دھماکے کے خون کو کچھ ہوا ہے، نہ کسی کو کوئی نقصان ہوا ہے۔ فیصل صاحب نے بات کرنی ہے۔ بات کریں جی۔

## Point raised by Senator Faisal Javed regarding the prevailing political and economic situation in Pakistan

### Senator Faisal Javed

سینیٹر فیصل جاوید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ کسی بھی وقت مغرب کی اذان ہو جائے گی۔ کل ساڑھے آٹھ بجے تک میں نے wait کیا اور منسٹر صاحب کو میں نے کہا کہ دو منٹ دے دیں، اس کو شامل کریں، جواب مل جائے گا۔ مگر کہا گیا کہ آپ کل بات کریں۔ اب بھی بالکل edge پر ہوں، تو کوشش کروں گا اپنی بات کو complete کروں۔ کل کوئی منسٹر صاحب کے سامنے سوالات رکھے گئے تھے بجائے اس کے کہ وہ اُن کے جوابات دیتے، انہوں نے مزید سوالات کھڑے کر دیئے۔ سوال یہ تھا کہ عمران خان صاحب، جو کہ ایک ہزار دن یعنی دس سنچریاں قید کے اندر ہو گئی ہیں، اُنہیں بنیادی صحت کی سہولیات تک میسر نہیں۔ اُن کی فیملی سے ملاقات بھی نہیں ہوتی doctors تک رسائی بھی نہیں ہے۔ ان کی personal doctors تک بھی رسائی نہیں۔ یہاں پر ایک چیز ہمیں یاد رکھنی چاہیے، میں دیکھ رہا تھا کہ جب نواز شریف صاحب جیل میں تھے تو نہ صرف اُن کو مرضی کے hospital بلکہ اُن کے مرضی کا doctor جن کا نام ڈاکٹر عدنان تھا۔ (جاری۔۔۔T18)

T18-12May2026 Mariam Arshad/Ed: 07:00 p.m.

سینیٹر فیصل جاوید: (جاری۔۔۔۔) نہ صرف ان کو مرضی کے hospital بلکہ ان کی مرضی کا ڈاکٹر جن کا نام ڈاکٹر عدنان تھا ان تک صرف access ہی نہیں بلکہ وہ ہر وقت ان کے ساتھ ہی ہوتے تھے اور ساری ان کو سہولیات دی گئیں۔ عمران خان صاحب اس

وقت پرائم منسٹر تھے انہوں نے ایک بیان بھی جاری کیا اور انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن نواز شریف صاحب سے متعلق میں نےadministration کوorders دے دیے ہیں ہیں کہ ان کو ہر ممکن صحت کے حوالے سے تمام تر سہولیات دی جائیں پھر وہ آپ کو معلوم ہے کہ اس کے بعد آگے کیا ہوا مکمل طور پران کی مرضی کا علاج ہوا۔ عمران خان تو خیر جیل میں اور رات کے اندھیرے میں ان کو لے جاتے ہیں معلوم بھی نہیں ہوتا اگلے دن بتاتے ہیں فیملی کی بھی ملاقات نہیں کرواتے۔ نواز شریف صاحب کو جیل کے اندر نہیں، شہر کے اندر نہیں، ملک کے اندر نہیں، ملک سے باہر انہوں نے مرضی سے جانا تھا وہ بھی گئے اور وہاں پر ان کا علاج ہوا اور وہ اپنے ڈاکٹر کے ساتھ تھے۔ دوسری چیز یہ جو سارے cases ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ سارے bogus cases ہیں، عمران خان صاحب کی تین سے زیادہ surgeries ہو گئ ہیں۔Demand کیا ہے؟ وہ یہ ہے کہ ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، عمران خان صاحب ان کے حوالے سے کہ ان کی مرضی کے Shifa hospital میں ان کا علاج کروایا جائے۔ ان کے personal doctors ہیں ڈاکٹر عاصم، ڈاکٹر فیصل یوسف اور ڈاکٹر فیصل سلطان ان تک ان کو رسائی دی جائے اور ان کی فیملی جو ہے ان سے اور یہ عین قانون کے بھی مطابق ہے، جیلmanual کی بھی مطابق ہے اور اس کےcourt orders بھی موجود ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! دوسری چیز جس پر میں بات کرنا چاہتا تھا آج جو غریب عوام کا حال ہے سارے لوگ پس گئے ہیںtaxes کا بوجھا تنا ا ہے، پیٹرول پر ٹیکس، ڈیزل پر ٹیکس ہے۔ ہر چیز پر ٹیکس ہے اور پھر ساتھ میں جب عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں تھوڑی سی بڑھی بھی نہیں ہوتیں تو یہاں پر ہم اتنی قیمت بڑھا دیتے ہیں اور اس میں بھی اتنی زیادہ levyشامل ہے۔ لوگوں کی پہنچ سے، دسترس سے چیزیں باہر ہیں۔ اس طرح کبھی بھیeconomy نہیں چل سکتی آپ نے تو ٹیکس ہی نہیں اکٹھا کیا، آپ پھر دوبارہ ٹیکس پورا نہیں اکٹھا کر سکے۔ کیا تھی بہتر .economic management کیوں جب عمران خان پرائم منسٹر تھے تو GDP 6% کیوں گیا، corona کی وجہ سے global crisis اس وقت بھی تھا، GDP growth 6% تھی۔ کس طرح سے کہ امیر سے ٹیکس اکٹھا کر کے غریب پر لگانا ہمیں بہتر economic management کی ضرورت ہے۔ اس وقت کوئی managementنہیں ہو رہی، اس وقت صرف پیٹرول بڑھا دو، قیمتیں بڑھا دو، عوام پر بوجھ ڈال دو۔ یہ کیا management ہے؟ یہ کوئی management نہیں ہے۔ اصل میں کیا ہوا جب 100 ڈالر انٹرنیشنل مارکیٹ میں اس وقت

بھی COVID کی بات کر رہا ہوں 100 ڈالر پر جب قیمت گئی پاکستان میں پیٹرول ڈیڑھ سو روپے لیٹر تھا، ڈیزل 146 روپے لیٹر تھا۔ آج 100 ڈالر سے اوپر قیمت گئی اور آپ دیکھیں 415 روپے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ڈالر کتنے کا تھا؟

سینیٹر فیصل جاوید: آپ اس terms میں بھی اکثر لوگ کہتے ہیں کہ ڈالر کتنے کا ہے۔ جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اچھی بات ہے آپ نے یہاں talk show شروع کیا ہے۔ آپ نے وہاں سے سوال کیا ہے میں اپنا موقف دے رہا ہوں آپ dollar terms میں بھی دیکھیں آپ اس کو convert کریں اس وقت ڈالر بھی اتنا مہنگا نہیں تھا۔ کتنا مہنگا تھا، اتنا مہنگا تھا جتنا آج ہے، تھوڑا سا کم ہو گا۔ Dollar کو rupees میں convert کریں پھر بھی آپ دیکھیں یہ دگنے سے بھی زیادہ اضافہ ہے۔ یہ کوئی logic نہیں ہے کہ اس وقت ڈالر کتنے کا تھا۔ اتنا فرق نہیں تھا ڈالر پھر بھی مہنگا تھا، آج بھی ہے، اتنا فرق نہیں ہے، ایک سیکنڈ، ایک سیکنڈ اتنا فرق نہیں ڈالر کا لیکن پیٹرول کی قیمت کا فرق چیک کریں۔ ڈالر کا فرق تھوڑا سا ہوگا پیٹرول کا فرق کتنا ہے میں کہہ رہا ہوں ڈیڑھ سو اور 415 دگنا نہیں، اس سے زیادہ یعنی کہ ڈیڑھ سو روپیہ ایک طرف 100 روپے اس سے بھی زیادہ، اتنا زیادہ فرق یہ justify نہیں کرتا کہ ڈالر کا ریٹ اس وقت کیا تھا۔ وہ اتنا difference نہیں تھا لیکن آپ نے اگر قیمتیں بڑھائی ہیں اور عوام پر بوجھ ہے تو آپ levy ختم کر دیں۔ آپ levy ختم کریں عوام کو تھوڑا سا سانس تو لینے دیں۔ اس سے ہوتا کیا ہے اس سے ہر چیز مہنگی ہوتی ہے اس سے آٹا، دالیں، چینی، آپ کے بجلی کے بل ہر چیز تو مہنگی ہوتی ہے۔ ٹرانسپورٹ مہنگی تو ساری چیزیں مہنگی لوگوں کے کرائے بڑھ جاتے ہیں ہر چیز کا ان کے اوپر بوجھ آتا ہے۔ دوسری چیز آپ نے کہا ڈالر والا وہ تو آپ کر کے دیکھ لیں اس کے بعد۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں نماز مغرب کی آذان سنائی دی گئی)

سینیٹر فیصل جاوید: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میں اپنی بات ختم کروں گا میں ایک بار پھر میں بتا دوں کہ عالمی مارکیٹ میں جب 2022 میں 100 dollar barrel قیمت ہوئی، 100 ڈالر سے زیادہ تھی ایک 107 ,106 ڈالر پر تھی وہی قیمت آج ہے۔ اس وقت پیٹرول تھا پاکستان میں ڈیڑھ سو روپے لیٹر، ڈیزل تھا 146 روپے لیٹر۔ آج جب International market میں oil کی

اتنی ہی قیمت ہے تو پاکستان میں ڈیزل 415 کا اور پیٹرول 415 کا ہے۔ یہ بہت بڑا فرق ہے آپ نے کہا کہ اس وقت ڈالر سستا تھا، اس وقت ڈالر سستا نہیں تھا اتنا فرق نہیں تھا۔ میں یہ بات کرنا چاہ رہا تھا کہ وہ فرق اس فرق سے بہت کم ہے جو آج کی اور اس وقت کی قیمت ہے۔ اس کا حل کیا ہے؟اس کا حل یہ ہے کہ آپ levy ختم کریں، عوام کو ریلیف دینا ہے نہ عوام کو ریلیف دیں اور آپ نے امیر سے ٹیکس اکٹھا کرنا ہے اور غریب پر لگانا ہے۔ یہاں سارا بوجھ غریب پر ڈال دیا ہوا ہے بہت مشکل ہے لوگوں کا گزارا کچن نہیں چل رہا، تنخواہیں ہیں نہیں۔Private sectors دو دو، چار چار ماہ کی تنخواہ بھی نہیں دیتے، آدمی بیچارہ کیسے گزارا کرے گا اور جو سرکاری ملازم ہیں وہ بھی پس کے رہ گئے ہیں۔ وہ بچوں کی فیسیں دیتے ہیں، وہ کیا کیا خرچے کرتے ہیں اس طرف کوئی دھیان نہیں دیتا۔ عام آدمی سے تو بات کریں نا public میں تو ہم ہوتے ہیں،public ہمیں بتاتی ہے۔ Prime Minister House and President House میں بیٹھ کر public کے بارے معلوم نہیں ہوگا، پہلے تو وہ میڈیا چلا جاتا تھا لوگوں کے خیالات پہنچا دیتا تھا اب ہم میڈیا سے بھی گزارش کریں گے کہ ایک بار پھر مائیک لیں لوگوں سے پوچھیں کہ یہ جو پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں اس سے ان پر فرق کیا پڑا ہے، اس کا حل ہے۔ ابھی پھر سننے میں آیا ہے کہ اس Thursday or Friday کو دوبارہ پیٹرول کا ایک اور bombshell آنے والا ہے اللہ خیر کرے لیکن ابھی ہمیں پیٹرول کی قیمت کو فوری طور۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فیصل صاحب wind up کریں۔

سینیٹر فیصل جاوید: میں عوام کی بات کر رہا ہوں، میں ایک حل کی طرف جا رہا ہوں۔ کیا حل ہے ہمارے تین سیکٹرز ہیں agriculture, industries and services phenomenal growth report ہوئی۔ آپ سارے figures اٹھا کر دیکھ لیں اور یہ حکومت کے figures ہیں۔ .2019, 2021, 2022 جب ہماری حکومت 2022 میں گئی اس وقت جو report آئی تھی اس کے اندر تھے۔ ہمارا FTI اوپر تھا، ہمارا GDP 6% پر تھا اور جو چیزیں عوام کے لیے احساس، health card وغیرہ بہت سی چیزیں چل رہی تھیں اور خاص طور پر .tax collection اس بار ان سے پوچھیں کہ انہوں نے کتنا ٹیکس deduct کیا ہے۔ کیا آپ نے target کو achieve کیا، بالکل بھی نہیں کیا۔ اس بات کا حل یہ ہے کہ آپ نے tax net کو بڑھانا ہے جو

لوگ بیچارے ٹیکس دے رہے ہیں، تنخواہ دار طبقہ آپ ان پر اور ٹیکس ڈال دیتے ہیں یہ کبھی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے۔ جب تک tax net نہیں بڑھائیں گے، باتیں بہت ہوتی ہیں ہم tax netبڑھا رہے ہیں لیکنtax net بڑھتا نہیں ہے۔ امیر سے ٹیکس لینا ہے غریب کو دینا ہے یہ اور فی الفور ہم مطالبہ کرتے ہیں یہاں سے کہ پیٹرول کی قیمت اور ڈیزل کی قیمت کم کی جائے۔ یہ کہیں کسی طور پرjustifiedنہیں ہے، levyختم کر دیں قیمت نیچے آجائے گی۔ یہ فی الحال گزارا کرنا پڑے گا۔ (جاری۔۔۔۔T19)

T19-12May2026 FAZAL/ED: Waqas 07:10 pm

سینیٹر فیصل جاوید: (جاری ہے۔۔۔) یہ فی الحال گزارا کرنا پڑے گا۔ عوام کو ریلیف دینا پڑے گا ورنہ اس وقت غریب آدمی کا بہت برا حال ہے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ وقار مہدی صاحب بات کر لیں تو پھر۔

**Point raised by Senator Syed Waqar Mehdi regarding the tragic incident of 12th May, 2007 in Karachi**

سینیٹر سید وقار مہدی: بہت شکریہ۔ میں آج Point of Order پر ایوان کی توجہ آج سے 19 سال قبل کراچی میں ہونے والے ایک سیاہ ترین واقعہ جو کہ 12 مئی 2007 کو کراچی شہر میں جس طرح ریاستی دہشت گردی کی گئی، 2007 وہ سال ہے جب آزاد عدلیہ کی تحریک اس ملک میں چل رہی تھی اور چیف جسٹس، جسٹس افتخار محمد چوہدری صاحب کراچی تشریف لا رہے تھے اور کراچی بار کے وکلا نے ان کو invite کیا تھا خطاب کرنے کے لیے، تو سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے بالخصوص اس وقت کی جو اپوزیشن تھی کیونکہ جنرل مشرف کی وہ حکومت تھی، صوبے میں بھی ان کی کٹھ پتلی حکومت تھی، تو سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے، ان کی لیڈرشپ نے فیصلہ کیا کہ افتخار محمد چوہدری صاحب کا کراچی ایئرپورٹ پر استقبال کیا جائے گا اور ان کو ایک جلوس کی شکل میں وہاں جہاں ان کو خطاب کرنا ہے وہاں لے جایا جائے گا۔ لیکن جناب 11 مئی کی رات سے کراچی شہر کے وہ تمام راستے جو کراچی ایئرپورٹ کی طرف جاتے تھے ان کو کنٹینرز لگا کر بند کیا گیا۔ سیاسی کارکنوں کو بالخصوص پاکستان پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) اور عوامی نیشنل پارٹی کے کارکنوں کے گھروں پر چھاپے مارے گئے، لیکن 12 مئی کو کیونکہ وہاں پر ہم نے ایک ARD (Alliance for Restoration of Democracy) قائم کی ہوئی تھی۔ اس کی جو جماعتیں تھیں اور یہ تین جماعتیں قابل ذکر تھیں اور باقی

چھوٹی جماعتیں بھی تھیں، ان سب نے فیصلہ کیا اور ہم سب ایک جلوس کی شکل میں جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی لیڈرشپ بھی تھی، مسلم لیگ (ن) کی بھی صوبائی لیڈرشپ تھی اور اے این پی کی بھی صوبائی لیڈرشپ تھی۔ تمام راستوں میں جو رکاوٹیں کھڑی کی گئی تھیں ان کو ہٹاتے ہوئے جب ہم شاہراہِ فیصل پر ڈرگ روڈ کے مقام پر پہنچے تو وہاں ڈرگ روڈ برج سے نقاب پوش دہشت گردوں نے جو کہ حکومتی کور میں تھے انہوں نے وہاں پر فائرنگ کر کے ہمارے کارکنوں کو وہاں شہید کیا۔اس پورے سانحے میں 45 سے زیادہ کارکن شہید ہوئے اس کے اندر جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے بھی تقریباً 22 سے زیادہ کارکن تھے، مسلم لیگ ن کے کارکن تھے، عوامی نیشنل پارٹی کے کارکن تھے اور اس بہیمانہ طریقے سے وہاں ریاستی دہشت گردی کی گئی کہ اگر آپ اس زمانے کی فوٹیج دیکھیں گے تو آپ دیکھیں گے کہ ایسا لگتا ہے جیسے کسی دشمن نے حملہ کر دیا۔ کراچی میں جو ہمارے وکلا تھے،ملیر بار سے لے کر کراچی بار تک اور وہاں جو صورتحال تھی، میں آپ کو یہ بتاؤں کہ چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ کو جسٹس صبیح الدین احمد کو دیوار پھلانگ کے جانا پڑا اور ان کا بھی گھیراؤ کیا گیا۔وہاں پر وکلا کی ایک بلڈنگ تھی چیمبر تھا اس کو آگ لگائی گئی۔اتنی دہشت گردی کی گئی کہ "آج ٹی وی" پر حملہ کیا گیا کہ آج ٹی وی وہ لائیو فوٹیج کیوں دکھا رہا تھا۔اس طرح کی دہشت گردی کی گئی کہ آج بھی وہ سیاہ باب ہے۔ میں ان تمام سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کو اور ان شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔یہی نہیں اس کے بعد بھی آپ دیکھیں، اس کے بعد بھی جب محترمہ بے نظیر بھٹو شہید 18 اکتوبر کو کراچی آتی ہیں تو اس پر دہشت گرد حملہ کیا گیا۔ 165 سے زیادہ کارکن پیپلز پارٹی کے اس میں شہید ہوئے۔ پونے چھ سو سے زیادہ لوگ اس کے اندر زخمی ہوئے اور یہ سلسلہ رکا نہیں کیونکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اس ملک کے لیے اور خاص طور پر صوبہ سندھ میں امن کے لیے بہت قربانیاں دی گئی ہیں۔آپ کو معلوم ہے کہ یہاں پنڈی شہر میں ہماری قائد شہیدِ جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو کو یہاں شہید کیا گیا۔ اس وقت بھی جنرل مشرف کی حکومت تھی تو میں ان تمام شہدا کو سلام پیش کرتا ہوں، خراج عقیدت پیش کرتا ہوں اور اس دن جو ریاستی دہشت گردی کی گئی تھی اس کی مذمت کرتا ہوں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ بس ابھی ختم کر دیتے ہیں۔

The proceedings of the House stand adjourned to meet again on Friday the 15th May, 2026, at 10:30 am.

**---------------**

*[The House was then adjourned to meet again on Friday, 15th May, 2026 at 10:30 am]*

---------------